لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www
قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہرنامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily SHEHAR NAMA Islamabad
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
ایڈیٹر راجہ جاوید اختر
جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی
جلد نمبر 07 | ہفتہ 20 ستمبر 2026ء 08 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 19
فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

کوہاٹ: پولیس لائن کے قریب خودکش حملہ، 21 افراد شہید، 34 زخمی، مقابلے میں 7 دہشتگرد ہلاک

دھماکے کے بعد فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا، ایک خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ کے قریب خود کو دھماکے سے اُڑایا، 5 پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد جاں بحق ہوئے، حکام

جوابی کارروائی میں خودکش بمبار اور سنائپر سمیت 6 دہشت گرد ہلاک ہو گئے، صدر وزیراعظم کا دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس، رپورٹ طلب کرلی

کوہاٹ (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پشاور روڈ پر واقع پرانی پولیس لائنز کی مسجد میں نماز جمعہ کے دوران خودکش دھماکے کے نتیجے میں 5 پولیس اہلکاروں سمیت 21 افراد شہید جبکہ 78 سے زائد زخمی ہو گئے۔ شہداء میں 11 شہری بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق دھماکا نماز جمعہ کے دوران پرانی پولیس لائنز کی مسجد کے قریب ہوا۔ دھماکے سے مسجد کا بیرونی حصہ شدید متاثر ہوا، ایک دیوار گر گئی جبکہ مسجد کے باہر گڑھا بھی پڑ گیا۔ قریبی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کے مطابق بارود سے بھری گاڑی پرانی پولیس لائنز کے گیٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد، معاون خصوصی وزیراعظم ہارون اختر خان میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

زرمبادلہ ذخائر میں ریکارڈ اضافہ معاشی استحکام کا منہ بولتا ثبوت ہے، شہباز شریف

زرمبادلہ ذخائر کا 4.21 ارب ڈالر تک پہنچنا معاشی ٹیم کی محنت اور درست سمت میں کیے گئے اقدامات کا ثبوت ہے

ریکارڈ اضافے پر اظہار تشکر، معاشی استحکام کیلئے سنگ میل قرار، سرمایہ کاری، ترقی کے نئے دروازے کھلیں گے، وزیراعظم

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر 4.21 ارب ڈالر کی تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے اسے معاشی استحکام کی جانب ایک اور تاریخی سنگ میل قرار دیا ہے۔ جاری بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر کا 4.21 ارب ڈالر تک پہنچنا حکومت کی معاشی ٹیم کی دن رات محنت اور درست سمت میں کیے گئے اقدامات کا ثبوت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ داخلہ محسن نقوی، وزیر مملکت طلال چودھری کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

الیکٹرک وہیکلز کے شعبے کو مزید ترقی دیئے جارہے ہیں، ہارون اختر

حکومت جلد نئی آٹو پالیسی متعارف کرائے گی، جس میں آٹو پارٹس مینوفیکچررز سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے مراعات شامل ہوں گی

پاکستان آٹو شو مقامی مینوفیکچرنگ، جدت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے، آٹو شو کی افتتاحی تقریب سے خطاب

لاہور (بیورو رپوٹ) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ حکومت جلد نئی آٹو پالیسی متعارف کرائے گی، جس میں آٹو پارٹس مینوفیکچررز سمیت تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے مراعات شامل ہوں گی۔ پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد سیل، پولیس ہائی الرٹ، 27 ستمبر احتجاج ہوگا، تحریک تحفظ آئین
اسلام آباد پر یلغار کی اجازت نہیں، محسن نقوی

آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا فیصلہ، انصاف کے دروازوں کے مکمل طور پر بند ہو جانے کے بعد پرامن احتجاج ہی واحد راستہ بچتا ہے، اپوزیشن اتحاد

عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کرنیوالوں کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی ہوگی، اگر مظاہرین نے فائرنگ کی تو فورسز کے جوان خاموش تماشائی نہیں بنیں گے، وزیرداخلہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان نے ملک کے سیاسی و معاشی بحران کے خاتمے کے لیے آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا فیصلہ کیا ہے اور دیگر سیاسی جماعتوں سے رابطہ کاری کے لیے ذمہ داریاں اور کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں۔ اپوزیشن اتحاد تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اجلاس اتحاد کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں علامہ ناصر عباس، سردار اختر جان مینگل، زین شاہ، مصطفیٰ نواز کھوکھر شریک ہوئے اور اجلاس میں ملکی سیاست، مشرق وسطیٰ میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے واضح کیا ہے کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے تفصیلی فیصلے کے بعد وفاقی دارالحکومت پر کسی صورت دھاوا بولنے یا جتھوں کی یلغار کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ عدالتی احکامات کی خلاف ورزی کرنے والوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

پشاور: کوہاٹ پولیس لائنز میں مسجد کے قریب دھماکے کی جگہ کا منظر

رجسٹرار انجینئرنگ کونسل بھرتی کا اشتہار اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان انجینئرنگ کونسل کے رجسٹرار کی بھرتی کے لیے جاری اشتہار کو اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا گیا۔ عدالت نے رجسٹرار کی تعیناتی کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

کسی جماعت کو راستے بند کرنیکا حق نہیں، اسلام آباد ہائیکورٹ

صوبائی حکومتیں مارچ کیلئے سرکاری وسائل، فنڈز کا استعمال نہ کریں، تفصیلی فیصلہ

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے 27 ستمبر کے پی ٹی آئی لانگ مارچ کے خلاف درخواست پر 37 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ جاری کر دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے اپنے تفصیلی فیصلے میں کہا کہ ایسی سرگرمی جس سے بنیادی حقوق متاثر ہوں وہ آئین کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

اسامہ بن لادن کو مجاہد کیوں قرار دیا؟ علامہ طاہر اشرفی کو دیا گیا مذہبی ہم آہنگی اعزاز واپس

پرانے بیانات سامنے آنے کے بعد آرچ بشپ آف کینٹر بری نے گزشتہ ہفتے کئے گئے فیصلے پر نظرثانی کی

طاہر اشرفی نے القاعدہ کے بانی اسامہ بن لادن کو امریکا، برطانیہ اور روس کیخلاف لڑنے والا مجاہد قرار دیا تھا، برطانوی چرچ کی تصدیق

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) آرچ بشپ آف کینٹر بری نے پاکستانی مذہبی رہنما حافظ محمد طاہر محمود اشرفی کو دیا گیا اعزاز واپس لے لیا۔ یہ اعزاز انہیں پاکستان میں بین المذاہب ہم آہنگی، مذہبی رواداری اور مختلف مذاہب کے درمیان تعاون کے فروغ کے اعتراف میں گزشتہ ہفتے دیا گیا تھا۔ طاہر اشرفی کو یہ اعزاز 11 ستمبر 2001 کے دہشت گرد حملوں کی 25ویں برسی کے موقع پر منعقدہ ایک تقریب میں ڈیم سارہ ملیلی نے پیش کیا تھا۔ تاہم ماضی میں اسامہ بن لادن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ایوارڈ واپسی، انڈین اور احمدی لابی کا ہاتھ ہے، طاہر اشرفی

بیانات کو 'سیاق و سباق' سے ہٹ کر پیش کیا گیا، چیئرمین علماء کونسل

اسلام آباد (شہرنامہ رپورٹ) انڈین اور احمدی لابی کا ہاتھ ہے پاکستان علما کونسل کے چیئرمین حافظ طاہر محمد اشرفی نے انگلینڈ میں دیا گیا ایک ایوارڈ واپس لیے جانے کے فیصلے پر اپنے ردعمل میں کہا ہے کہ ان کے بیانات کو 'سیاق و سباق' سے ہٹ کر پیش کیا گیا اور اس کے پیچھے 'انڈین اور احمدی لابی' کا ہاتھ ہے۔ انڈیپنڈنٹ اردو سے بات چیت کرتے ہوئے پاکستان علما کونسل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

پاسپورٹ بلاک، اسپیکر کے پی اسمبلی ایوارڈ سے محروم

کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس میں اکوالٹی اینڈ ڈاورسٹی ایوارڈ'' کیلئے نامزد تھے

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ''اکوالٹی اینڈ ڈاورسٹی ایوارڈ'' جیتنے والے اسپیکر خیبر پختون خوا بابر سلیم سواتی پاسپورٹ بلاک ہونے کی وجہ سے ایوارڈ وصول نہ کر سکے میڈیا ذرائع کے مطابق کامن ویلتھ پارلیمانی کانفرنس ساؤتھ افریقہ میں اسپیکر بابر سلیم سواتی نے ''اکوالٹی اینڈ ڈاورسٹی ایوارڈ'' جیت لیا یہ ایوارڈ خیبر پختونخوا اسمبلی میں ادارہ جاتی اصلاحات اور تنوع لانے کے اعتراف میں دیا گیا ذرائع کے مطابق خواتین بچوں واقلیتوں اور واٹر اینڈ سینی ٹیشن کیلئے پارلیمانی کاکس قائم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

پاکستان استحکام سے سرمایہ کاری و وسیع تر سرمایہ تشکیل کی جانب گامزن ہے، وزیر خزانہ

مالیاتی استحکام، مہنگائی، قرضوں کے انتظام اور عالمی منڈیوں تک رسائی کے شعبوں میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے

مالیاتی خسارہ جی ڈی پی کے 6.2 فیصد تک کم ہوا، ملک نے مسلسل تیسرے سال پرائمری سرپلس بھی ریکارڈ کیا، محمد اورنگزیب

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان استحکام سے سرمایہ کاری اور خودمختار بحالی سے وسیع تر سرمایہ تشکیل کی جانب بڑھ رہا ہے۔ لندن میں جے پی مورگن کی ایمرجنگ اینڈ فرنٹیئر مارکیٹس مواقع کانفرنس میں منعقدہ خصوصی نشست سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات، سینیٹر محمد اورنگزیب نے پاکستان کی معیشت کو درپیش بیرونی معاشی دباؤ، میکرو اکنامک استحکام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار ناقابلِ فہم، شیری

سندھ طاس معاہدہ سرحد پار پانی کی تقسیم کیلئے ایک اہم عالمی مثال ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ بھارت کا سندھ طاس معاہدے سے انکار ناقابل فہم ہے۔ غیر ملکی ٹی وی چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے شیری رحمان کا کہنا تھا کہ سندھ طاس معاہدہ سرحد پار پانی کی تقسیم کیلئے ایک اہم عالمی مثال ہے، سندھ طاس معاہدہ پانی کی تقسیم، معلومات کے تبادلے اور تنازعات کے حل کا واضح نظام دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی یا اسے غیر فعال قرار دینے کی کوئی شق (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

چین کا ایران سے حوثیوں پر اثر و رسوخ استعمال کرنے کا مطالبہ

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے ایران سے حوثیوں پر اثر و رسوخ استعمال کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ چین نے سعودی عرب کی درخواست پر تہران سے رابطہ کیا، رائٹرز کے مطابق چین نے ایران سے کہا ہے کہ وہ اپنا اثر و رسوخ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

چیئرمین سینیٹ یوسف گیلانی سے وفاقی وزیر طارق فضل کی ملاقات

اداروں میں جمہوری عمل کے استحکام کیلئے باہمی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پارلیمانی امور، قانون سازی کے عمل اور ایوانِ بالا اور وزارتِ پارلیمانی امور کے درمیان مؤثر رابطہ کاری سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں رہنماؤں نے پارلیمانی اداروں کے مؤثر کردار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

FGEHA کامیاب نیلامی پر اظہار اطمینان، محنت کے نتائج سامنے آرہے ہیں، ریاض پیرزادہ

ہاؤسنگ اتھارٹی کے ایگزیکٹو بورڈ کا 52 واں اجلاس، ہاؤسنگ منصوبوں، حالیہ پیش رفت، کامیاب نیلامی اور مستقبل کے لائحہ عمل کا جائزہ

منصوبوں کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے، وفاقی وزیر ہاؤسنگ کی گفتگو

وفاقی وزیر ہاؤسنگ ریاض حسین پیرزادہ ایف جی ای ایچ اے ایگزیکٹو بورڈ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام اباد (نمائندہ خصوصی) فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی (FGEHA) کے ایگزیکٹو بورڈ کا 52 واں اجلاس وزارتِ ہاؤسنگ و تعمیرات میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت وفاقی وزیر ہاؤسنگ و تعمیرات میاں ریاض حسین پیرزادہ نے کی، جبکہ سیکرٹری ہاؤسنگ و تعمیرات جناب کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد محمود، ڈائریکٹر جنرل ایف جی ای ایچ اے کیپٹن (ریٹائرڈ) محمد ظفر اقبال اور بورڈ کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایف جی ای ایچ اے کے جاری ہاؤسنگ منصوبوں، حالیہ پیش رفت، کامیاب نیلامی اور مستقبل کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

ملک گیر انسداد پولیو مہم کا باضابطہ آغاز

ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی موجودگی کی شرح بھی 10 فیصد سے نیچے آگئی

وفاقی وزیر احسن اقبال کا وائرس کے مکمل خاتمے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (اے پی پی): پاکستان میں انسداد پولیو کی کوششوں میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، رواں سال پولیو کیسز کی تعداد کم ہو کر چار رہ گئی ہے جبکہ ماحولیاتی نمونوں میں وائرس کی موجودگی کی شرح بھی 10 فیصد سے نیچے آگئی ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ملک گیر انسداد پولیو مہم کا باضابطہ آغاز کرتے ہوئے وائرس کے مکمل خاتمے تک قومی کوششیں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ڈیل ہو نہ ہو، جنگ میں جیت امریکا کی ہوگی: ٹرمپ

ہم یا تو کوئی اچھا معاہدہ کریں گے، یا پھر کوئی معاہدہ کریں گے ہی نہیں، امریکی صدر

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ کسی ڈیل کے ذریعے ہو یا نہیں مگر ایران کے خلاف اس جنگ میں جیت امریکا کی ہوگی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران سے ڈیل ہونے یا علاقے میں مزید فوج بھیجی جانے سے متعلق استفسار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

لندن، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب، گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد، اور پاکستانی وفد کے ارکان کا کانفرنس کے دوران گروپ فوٹو

سخت پابندیوں کے باوجود ایرانی رہنماؤں کو امریکی ویزے جاری

ایرانی رہنماؤں کو گاڑیوں، زیورات اور پرتعیش اشیا خریدنے کی اجازت نہیں ہوگی

واشنگٹن/ نیویارک (صباح نیوز): امریکہ کی ٹرمپ انتظامیہ نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی سمیت ایران کے مرکزی وفد کو اگلے ہفتے نیویارک میں اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی (UNGA) کے 81ویں اجلاس میں شرکت کے لیے ویزے جاری کر دیے ہیں تاہم وفد کی نقل و حرکت پر پابندیاں ہوں گی امریکی محکمہ خارجہ کے ترجمان نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

جنوری 2027 میں بجلی کے بنیادی ٹیرف میں ردوبدل متوقع

آئندہ سال بجلی کی سبسڈی مستحق صارفین کو انکم سپورٹ پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز

اسلام آباد (آئی این پی) حکومتی معاشی ٹیم اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات آئندہ ہفتے ہونے کا امکان ہے، مذاکرات میں توانائی اصلاحات، نجکاری اور گردشی قرض سیٹلمنٹ پلان پر آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق جنوری 2027 میں بجلی کے بنیادی ٹیرف میں ردوبدل متوقع ہے، آئندہ سال بجلی کی سبسڈی مستحق صارفین کو انکم سپورٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

خیبرپختونخوا بلوچستان میں 17 دہشتگرد ہلاک، پاک فوج کے 6 جوان شہید

سیکیورٹی فورسز نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، 6 جوان وطن پر قربان

صدر و وزیرِ اعظم اور وزیر داخلہ کا فتنہ الخوارج کیخلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کے خلاف مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، جبکہ فائرنگ کے تبادلے اور آپریشن کے دوران پاک فوج کے 6 جوان شہادت سے ہمکنار ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں کیں۔ آپریشن کے دوران فورسز نے دہشت گردوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

کراچی ایئرپورٹ پر منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام، میاں بیوی گرفتار

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کسٹمز کے حکام نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر تقریباً 20 لاکھ روپے مالیت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

کراچی؛ سرجانی میں ماں اور تین بچوں کا قاتل پولیس مقابلے میں ہلاک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں ماں اور تین بچوں کو بے دردی سے قتل کرنے والا ملزم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

بھارت کی روسی تیل خریداری پر امریکی ٹیرف کی تلوار لٹکنے لگی

واشنگٹن، نئی دہلی (صباح نیوز) امریکی کانگریس نے روس اور ایران پر دباؤ بڑھانے کے لیے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو مزید اختیارات دینے کی جانب اہم پیش رفت کی ہے، جس کے تحت روس سے تیل اور گیس خریدنے والے ممالک پر 100 فیصد تک ٹیرف عائد کیا جا سکے گا۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب جمہوریہ کوریا کے شہر سیول میں منعقدہ ایشیا اور پیسفک کے چیف جسٹسز کی 20ویں کانفرنس میں شریک ہیں

مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دیئے جائیں، ایم کیو ایم کا خط

مالی خودمختاری نہ ہونے کے باعث شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں، نسرین جلیل

کراچی (آئی این پی) ایم کیو ایم پاکستان نے وزیراعظم شہباز شریف کو مقامی حکومتوں کو مالی اختیارات دینے کے مطالبہ کا خط لکھ دیا۔ خط متحدہ قومی موومنٹ کی رہنما نسرین جلیل کی جانب سے لکھا گیا ہے، خط کی کاپی وفاقی وزیر خزانہ، آئی ایم ایف سربراہ اور ورلڈ بینک صدر کو بھی ارسال کی گئی ہے۔ وزیراعظم سے مقامی حکومتوں کی مالی خودمختاری کے معاملے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آگئیں

واپڈا ڈیمز سے بجلی 70.2 روپے فی یونٹ، نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے سے تجاوز کرگئی

اسلام آباد (آئی این پی) ملک بھر میں فی یونٹ بجلی پیدا کرنے والے پلانٹس کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ سینیٹ میں پیش دستاویزات کے مطابق واپڈا ڈیمز سے بجلی 70.2 روپے فی یونٹ کے حساب سے بن رہی ہے جبکہ نجی آئی پی پیز کی لاگت 34 روپے فی یونٹ سے بھی تجاوز کر گئی ہے۔ دستاویزات میں بتایا گیا کہ حکومت کی جانب سے واپڈا کو 5.34 ارب یونٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

روزنامہ
Daily SHEHAR NAMA
شہر نامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568

Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

حرمین شریفین کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا!

وزیر اعظم شہباز شریف نے مکہ مکرمہ پر بزدلانہ اور گھناؤنے ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب کی خود مختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کے ساتھ ساتھ حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے پوری قوم مملکت کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اِس ناقابلِ معافی اقدام پر محسوس کیے جانے والے غم اور دُکھ کی شدت کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جاسکتا جبکہ پاک فوج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا ہے کہ مکہ دفاعی اتحاد جارحانہ نہیں بلکہ دفاعی نوعیت کا ہے، دفاعی وعدوں سے متعلق آپریشنل تفصیلات کبھی عوامی سطح پر نہیں بتائی جاتیں، سہ فریقی معاہدے کے کسی فریق پر حملے کا ردعمل کیا ہوگا، تینوں ممالک لائحہ عمل بنا کر عملدرآمد کریں گے۔ نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بھی مکہ ریجن کی طرف ڈرون حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان حرمین شریفین کے تحفظ کیلئے ریاض کے ساتھ کھڑا ہے، یہ اقدام علاقائی اَمن اور سلامتی کیلئے بھی خطرہ ہے جبکہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے گھناؤنے حملے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ یہ محض سعودی عرب پر نہیں بلکہ اسلام کے دِل اور دنیا بھر کے مسلمانوں کے جذبات پر حملہ تھا، رسولِ اکرم حضرت محمدؐ کی جائے پیدائش اور حج کے مرکز کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور دہشت گردانہ اقدام ہے جو ہر سرخ لکیر کو عبور کرتا ہے، یہ حملہ کرنے والوں کے لئے ہمیشہ ایک سیاہ داغ بن کر رہے گا، پاکستان اپنے برادر ملک سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔

مکہ مکرمہ کی سمت بزدلانہ اور گھناؤنے ڈرون حملے کی کوشش کے بعد پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت کی جانب سے شدید ردعمل اور مذمت کا جو اظہار سامنے آیا ہے وہ ہر کلمہ گو کے دِل کی آواز ہے۔ حرمین شریفین کا تحفظ ہر مسلمان کے ایمان کا حصہ ہے اور اِس میں دو آراء نہیں ہوسکتیں کہ مقدس مقامات کی حرمت پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا تاہم موجودہ کشیدہ علاقائی صورتِ حال کا اگر باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو کئی ابہامات اور تضادات سامنے آتے ہیں جن پر سنجیدہ تفتیش اور غیر جانبدارانہ تحقیق کی اشد ضرورت ہے۔ ایک طرف مکہ ریجن کی طرف ڈرون حملے کی نشاندہی ہو رہی ہے جبکہ دوسری طرف اِس کارروائی کا الزام جس تنظیم پر عائد کیا جا رہا ہے۔۔۔ یعنی "انصار اللہ۔۔۔" اُس نے مکہ یا کسی بھی مقدس مقام کو نشانہ بنانے کی سختی سے تردید کی ہے۔ اِس سے یہ سوال جنم لیتا ہے کہ کہیں اِس واقعے کے پیچھے کوئی تیسری قوت تو کارفرما نہیں؟

تاریخی اور نظریاتی پس منظر پر نظر ڈالنا اِس گتھی کو سلجھانے کے لئے ضروری ہے۔ عموماً جسے میڈیا میں "حوثی" کہا جاتا ہے، وہ محض اِس تحریک کے بانی حسین بدر الدین الحوثی (پیدائش 1959ء) سے نسبت کی وجہ سے ہے جبکہ اِس تنظیم کا باقاعدہ اور رسمی نام انصار اللہ ہے۔ یمن میں "حوثی" ایک فیملی یا قبیلے کا نام ہے، ٹھیک اُسی طرح جیسے "سعودی" کا نام آلِ سعود سے منسوب ہے۔ آج تمام سعودی شہری آلِ سعود خاندان کے افراد نہیں ہیں لیکن وہ سعودی کہلاتے ہیں۔ بالکل یہی معاملہ حوثیوں پر بھی لاگو ہوتا ہے کیونکہ انصار اللہ کی رکنیت محض ایک قبیلے تک محدود نہیں ہے۔ یہ تنظیم 1990ء کی دہائی میں شمالی یمن میں ایک زیدی مذہبی احیائی تحریک کے طور پر اُبھری، جو بعد میں سیاسی و عسکری تحریک میں تبدیل ہوئی۔ یہاں تاریخ کا یہ دلچسپ اور دردناک تضاد سامنے آتا ہے کہ 1970-1962ء میں جب مصر کے صدر جمال عبدالناصر مرحوم نے یمن میں "جمہوریہ" قائم کر کے اپنے اثر و رسوخ کو بڑھانے کی کوشش کی تو سعودی عرب نے مزاحمت کرنے والوں کی بھرپور مدد کی تھی۔ آج انہی کی باقیات سعودی عرب سے برسرِ پیکار ہیں۔ انصار اللہ کی جانب سے اسلام کے مقدس ترین شہروں مکہ یا مدینہ پر عمداً حملہ کسی مذہبی و نظریاتی منطق سے میل نہیں کھاتا۔ اِس امکان کو رد نہیں کیا جاسکتا کہ مسلم دنیا کو آپس میں لڑانے اور اصل تنازعات سے توجہ ہٹانے کے لئے کوئی تیسری قوت یا اسرائیلی 'فالس فلیگ آپریشن' اِس کے پیچھے ہو۔ قرآنِ کریم کا واضح اور عالمگیر اصول ہے: "اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو خوب تحقیق کر لیا کرو، کہیں ایسا نہ ہو کہ تم نادانی میں کسی قوم کو نقصان پہنچا بیٹھو، پھر اپنے کیے پر پشیمان ہونا پڑے۔" (سورہ الحجرات: 6)

حرمین شریفین کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا لیکن ایسی حساس صورتِ حال میں ذمہ داری اور حکمت کا تقاضہ ہے کہ پہلے مکمل، آزادانہ اور قابلِ اعتماد تحقیقات کی جائیں تاکہ اصل حقائق سامنے آسکیں۔ غیر مصدقہ دعوؤں کو پہلے سے تقسیم شدہ مسلم دنیا میں مزید انتشار اور فساد پھیلانے کا ذریعہ نہیں بننے دینا چاہئے۔ اِس سے اسرائیلی مفادات کو تقویت پہنچنے کا شدید خدشہ ہے۔

تاریخ کیا بتاتی ہے؟

دوسرے خلیفہ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ایک شخص کے بارے میں پتہ چلا کہ وہ اپنی ماں کو گالیاں دیتا ہے یہ سن کر آپ کو بہت رنج ہوا آپؓ نے اس شخص کو بلوایا باز پرس کے بعد ثابت ہوگیا کہ وہ ایسا ہی کرتا ہے امیر المومنین نے حکم دیا کہ پانی سے بھری ہوئی مشک لائی جائے پھر وہ مشک اس کے پیٹ پر خوب کس کر بندھوا دی گئی آپ نے حکم دیا تمہاری یہ سزا ہے کہ تجھے سارے معمولات اسے اسی مشک کے ساتھ ادا کرنا ہیں اٹھنا بیٹھنا، چلنا پھرنا، کھانا پینا اور سونا جاگنا بھی ایسے ہی کرنا ہوگا۔ ایک دن بھی نہ گزرا تو وہ شخص عاجز آگیا وہ روتا ہاتھ جوڑتا حاضر ہوا اور دہائی دینے لگا کہ اس کو معاف کر دیا جائے وہ آئندہ ایسی حرکت نہیں کرے گا۔ امیر المومنینؓ نے پانی آدھا کر دیا مگر مشک بدستور اس کے پیٹ پر بندھی رہنے دی لیکن اس کی زندگی عذاب بن گئی تھی اس نے اپنی ماں کے آگے ہاتھ جوڑ دیئے پھر ایک دن کے بعد وہ شخص ماں کو بھی سفارشی بنا کر ساتھ لے آیا کہ اس کو معاف کر دیا جائے اور اس مشک کو اس کے پیٹ سے ہٹا دیا جائے وہ دو دن سے نہ تو سو سکا ہے اور نہ ہی ٹھیک سے کھا پی سکا ہے۔ امیر المومنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی ماں کی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ اس نے تجھے پیٹ کے باہر نہیں بلکہ پیٹ کے اندر تمہارے وزن کے ساتھ 9 ماہ اٹھائے رکھا نہ وہ ٹھیک سے سو سکتی تھی اور نہ ٹھیک سے کھا سکتی تھی، پھر تو اسے موت کی سی اذیت دے کر پیدا کیا اور تم نے 2 سال اس کا دودھ پیا اور جب اپنے پاؤں پر کھڑا ہوا تو تیری ماں کیا اس سلوک کی حقدار تھی جو تو نے روا رکھا اس کا شکر ادا کرنے کی بجائے اس کے لئے تیرے منہ سے گالیاں نکلتی تھیں افسوس صد افسوس اگر آئندہ یہ شکایت موصول ہوئی تو یاد رکھنا تجھے نشانِ عبرت بنا دیا جائے گا وہ شخص سخت نادم ہوا (تاریخی واقعات سے مستعار)

کہا جاتا ہے جب ملیشیا کے صدر مہاتیر محمد برطانیہ کے دورے پر گئے اگلی صبح ایک مقامی اخبار میں ان کا مزاحیہ کارٹون چھپ گیا۔ جب ان کی سرکاری طور پر وزیر اعظم برطانیہ سے ملاقات ہوئی تو سب سے پہلے مہاتیر محمد نے کارٹون ٹیبل پر رکھ کر پوچھا: "کیا آپ کے ملک میں میں مہمان کے استقبال کا یہی طریقہ ہے؟

وزیر اعظم برطانیہ نے کہا ایک عجیب سے لہجے میں کہا جناب یہاں میڈیا آزاد ہے۔"

مہاتیر محمد نے جواب دیا: ٹھیک ہے جب تم میڈیا کی آزادی اور دوسروں کی دل آزاری میں تمیز سیکھ لوگے تو پھر ہماری ملاقات ہوگی۔ انہوں نے پاؤں پٹخ کر اپنی ناراضگی کا اظہار کیا اور ملاقات ختم کر کے پرائم منسٹر آفس سے باہر آگئے۔ وہیں سے انہوں نے ملیشیاء اپنے آفس فون کر کے ہدایت کی کہ ان کے وطن واپس پہنچنے سے پہلے پہلے تمام برطانوی باشندوں کے ملیشیاء میں موجود کاروبار فوراً بند کر کے ان کے بینک اکاؤنٹ سیل کر دیئے جائیں اور انگریزوں کو 24 گھنٹے کے اندر اندر ملیشیاء بدر کر دیا جائے۔ حکم پر فوری عمل ہوا۔

جب مہاتیر محمد ملیشیا پہنچا تو ان کے دفتر میں انگلینڈ کے وزیر اعظم کا معافی نامہ ان سے پہلے پہنچ گیا تھا ساتھ ہی کارٹونسٹ کو پابند جیل کر دیا گیا۔ اور سوچئے پاکستانی حکمرانوں سے یہ لوگ کیا سلوک کرتے ہیں اور ہم ردِعمل بھی ظاہر نہیں کرتے "جاگ امت مسلمہ جاگ"

علاؤالدین خلجی ایک انتہائی جری بہادر اور باہمت بادشاہ تھا۔ ایک بار منگول سردار اولجیتو خان نے منگولوں کا ایک گروہ علاؤالدین خلجی کے دربار میں بھیجا۔ ان کا مطالبہ تھا کہ علاؤالدین خلجی اپنی شہزادی کو ان کے حوالے کر دیں، کیونکہ منگول سردار شہزادی کو اپنی بیوی بنانا چاہتا تھا۔ علاؤالدین خلجی نے اس طرح جواب دیا کہ اس کے دربار میں آنے والے تمام 18 منگولوں کے سر ہاتھیوں کے پاؤں سے کچلوا دیئے، اور منگولوں کو یہ پیغام بھیجا گیا کہ یہ علاؤالدین کا جواب ہے۔



اس کے بعد منگولوں نے کبھی ہندوستان کی طرف رخ کرنے کی ہمت نہیں کی۔ یہ سچ ہے کہ اس وقت منگولوں سے زیادہ وحشی کوئی نہیں تھا۔ انہوں نے پورے ایشیا کو تباہ کر دیا تھا۔ لیکن جب وہ ہندوستان آئے تو انہیں علاؤالدین خلجی اور اس کے بہادر کمانڈر ظفر کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ وہ کمانڈر تھے جو ساری زندگی منگولوں سے لڑتے رہے۔ اگر وہ منگولوں کو نہ بھگاتے تو اس جگہ کی تاریخ اور جغرافیہ مختلف ہوتا۔

کئی سال پہلے بیسویں صدی کا مشہور مؤرخ ٹائن بی پاکستان کے دورے پر آیا ہوا تھا۔ یہ تاریخ کے بارے میں کوئی سیمینار تھا۔ تقریب کے اختتام پر پاکستان کے ایک نامور مصنف اور سرکاری ملازم ڈائری لے کر آگے بڑھے اور آٹوگراف کی درخواست دی۔ ٹائن بی نے قلم پکڑا، دستخط کیے، نظریں اٹھائیں اور بیوروکریٹ کی طرف دیکھ کر بولے: "میں ہجری تاریخ لکھنا چاہتا ہوں، کیا آپ مجھے بتائیں گے کہ آج ہجری تاریخ کیا ہے؟" سرکاری ملازم نے شرمندگی سے نظریں جھکا لیں۔ ٹائن بی نے ہجری تاریخ لکھی، تھوڑا سا مسکرایا اور اس کی طرف دیکھ کر کہا: "تھوڑی دیر پہلے یہاں اسلام کے مستقبل کے بارے میں بڑے زور شور سے تقریریں ہو رہی تھیں۔ وہ لوگ تاریخ کیسے بنا سکتے ہیں جنہیں اپنی تاریخ بھی یاد نہ ہو۔ تاریخ باتیں کرنے سے نہیں، عمل سے بنتی ہے۔" سرکاری ملازم اور مصنف نے شرمندگی سے سر جھکا لیا۔ (مختار مسعود کی "آوازِ دوست" سے اقتباس)

بانیٔ پاکستان قائداعظمؒ محمد علی جناح 10 محرم کا کس قدر احترام کرتے تھے اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ 5 دسمبر 1946 کے روز شہنشاہ برطانیہ جارج ششم کی طرف سے خصوصی تقریب طے تھی۔ اس روز محرم کی دس تاریخ تھی، قائداعظمؒ نے یہ کہہ کر اس میں شرکت سے انکار کر دیا: "چونکہ یہ تقریب ایسے دن منعقد ہو رہی ہے جو کہ حضرت امام حسین علیہ السلام کی شہادت کا دن ہے اور اس دن، ہم مسلمان کسی قسم کی تقریب میں شرکت نہیں کر سکتے۔" قائداعظمؒ کے جذبات کے احترام میں یہ تقریب ملتوی کر دی گئی۔

سہیل آفریدی نے پنجاب کو "ایزی" لے لیا

سیاست میں توجہ حاصل کرنے کے شوق کو اگر کسی مظہر سے تعبیر کرنا ہو تو خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ اور ان کے رفقاء کے حالیہ دورۂ پنجاب سے بہتر کوئی مثال نہیں مل سکتی۔ لاہور اور پنجاب کے دیگر علاقوں میں کی جانے والی اس "سیاسی اٹھک بیٹھک" اور طوفانی دوروں کا بنیادی مقصد کسی عوامی مسئلے کا حل یا سنجیدہ سیاسی پیش رفت نہیں، بلکہ محض میڈیا کی توجہ سمیٹنا اور اپنے سیاسی وجود کو زبردستی تسلیم کروانا تھا۔ تاہم، اس تمام ڈرامائی مشق کا اختتام جس طرح پنجاب کے عوام کی روایتی سرد مہری اور بے نیازی سے ہوا، اس نے ایک بار پھر یہ ثابت کر دیا کہ پنجاب کے سیاسی شعور کو سطحی شعبدہ بازی سے رام کرنا ممکن نہیں۔ اس تمام سیاسی شو کے دوران سکرینوں پر بیٹھے "نام نہاد دانشوروں" اور کچھ خاص ٹی وی صحافیوں کی کارکردگی بھی کم دلچسپ نہیں تھی۔ جیسے ہی وزیر اعلیٰ اور ان کا وفد پنجاب کی حدود میں داخل ہوا، میڈیا کے ان بقراطوں نے فوراً پنجاب حکومت کے خلاف محاذ کھول دیا۔ ایک مخصوص بیانیہ تیار کیا گیا کہ "مہمان نوازی میں کسر چھوڑ دی گئی ہے" اور "میزبان نے پشتون روایت اور سیاسی رواداری کا پاس نہیں رکھا"۔

روزانہ شام کو ٹاک شوز میں بیٹھ کر جس طرح پنجاب حکومت کو کوسا گیا، وہ حقیقت میں ایک مصنوعی ڈرامے سے زیادہ کچھ نہیں تھا۔ مہمان نوازی کے اس واویلے کے پیچھے اصل مقصد یہ تھا کہ کسی طرح اس بے سمت اور بے مقصد دورے کو مظلومیت کا رنگ دیا جا سکے تاکہ عوامی ہمدردیاں حاصل کی جاسکیں، لیکن پنجاب کا عام شہری اس کھیل کو اچھی طرح سمجھتا ہے؛ وہ جانتا ہے کہ جب سیاست دان اپنے علاقے کا کارکردگی کارڈ دکھانے میں ناکام ہو جاتے ہیں تو وہ اکثر "مظلومیت کے کارڈ" کا سہارا لیتے ہیں۔

پنجاب کے انتظامی اور سیاسی حلقوں نے سہیل آفریدی اور ان کے لشکریوں کے ساتھ بالکل یہی سلوک کیا۔ پنجاب کی انتظامیہ کو بخوبی اندازہ تھا کہ اس وفد کی آمد کا مقصد کوئی مثبت تعمیری گفتگو نہیں بلکہ صرف ہنگامہ آرائی اور انتظامی مشینری کو مشتعل کرنا ہے۔ چنانچہ پورے دورے کے دوران ہر قیمتی اور حساس ادارے اور مقام کو اسی طرح محفوظ رکھا گیا جیسے کسی بے قابو بچے سے گھر کا قیمتی سامان بچایا جاتا ہے۔ سب سے دلچسپ پہلو اس تمام سیاسی تھیٹر پر پنجاب کے عوام کا ردِعمل تھا۔ سہیل آفریدی اور ان کی ٹیم نے سوچا تھا کہ وہ لاہور کی سڑکوں پر نکلیں گے تو عوام کا ایک سمندر ان کے استقبال کیلئے امڈ آئے گا، لیکن پنجاب کے عوام نے انہیں بالکل اسی طرح نظر انداز کر دیا جس طرح وہ اس سے قبل بلاول بھٹو زرداری کو کر چکے ہیں۔

بلاول بھٹو نے بھی کئی سال پنجاب میں ڈیرے ڈالے، ریلیوں کے ذریعے پنجاب کے دل میں جگہ بنانے کی بھرپور کوششیں کیں اور 'جیالے' بیدار کرنے کے دلاسے دیے، مگر پنجاب نے ان کے ہر نعرے کو مسکرا کر نظر انداز کر دیا۔ یہی حشر اس بار خیبر پختونخوا کے سیاسی مسافروں کا بھی ہوا۔ پنجاب کے عوام نے نہ صرف ان کے نعروں پر کوئی کان نہیں دھرے، بلکہ انہیں ایک ایسی خاموش بے نیازی کا تحفہ دیا جو کسی بھی سیاست دان کیلئے کھلے احتجاج سے زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔ پنجاب کی اس بے نیازی کو سیاسی کم فہمی سمجھنا سب سے بڑی بھول ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پنجاب کے عوام ایک نہایت گہرا، پختہ اور پائیدار سیاسی شعور رکھتے ہیں۔ تاریخ شاہد ہے کہ پنجاب کبھی بھی وقتی جذباتی

نعروں، چیخ و پکار یا ڈرامائی اندازِ بیاں سے مستقل طور پر متاثر نہیں ہوا۔ یہ خطہ صرف ان سیاست دانوں کو قبول کرتا ہے جو عمل، کارکردگی اور سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

پنجاب کی سیاسی تاریخ بڑی بے رحم ہے؛ یہاں جذباتی فیصلوں کی جگہ ہمیشہ شعوری اور عمل پسندانہ فیصلوں نے لی ہے۔ اگر سہیل آفریدی یا ان کے قائدین کو یہ لگتا ہے کہ وہ سڑکوں پر آ کر جذباتی تقاریر کر کے پنجاب کو فتح کر لیں گے تو انہیں ماضی کے چند بڑے سیاسی ناموں کا حشر دیکھ لینا چاہئے: اپنے دور کے سب سے بڑے اور کرشماتی خطیب، ذوالفقار علی بھٹو، جنہوں نے پنجاب سے ہی اپنے سیاسی عروج کا آغاز کیا تھا، ایک وقت ایسا آیا کہ اسی پنجاب نے ان کے جذباتی نعروں کو مسترد کر دیا۔ بھٹو کا روایتی سحر ٹوٹا تو پنجاب نے ان کی پارٹی کو ایسا کنارے لگایا کہ دہائیاں گزرنے کے بعد بھی پیپلز پارٹی پنجاب میں اپنا وجود بحال کرنے کیلئے ترستے دکھائی دیتی ہے۔ گجرات کے چودھریوں نے پنجاب کی سیاست میں دہائیوں تک جوڑ توڑ کی سیاست کی، لیکن جب چودھری پرویز الٰہی نے محض اقتدار اور ذاتی مفادات کیلئے اپنی سیاسی سمت اور نظریات سے بار بار انحراف کیا، نتیجہ یہ ہوا کہ وہ پنجاب جو کبھی ان کا گڑھ سمجھا جاتا تھا، وہاں وہ ایک غیر متعلقہ سیاسی کردار بن کر رہ گئے۔

خیبر پختونخوا کی قیادت، بالخصوص سہیل آفریدی اور ان کے سیاسی اتالیقوں کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہئے کہ پنجاب کو "ایزی" لینا انکی سب سے بڑی سیاسی حماقت ہے۔ پنجاب کے عوام کا مزاج پرکھنا اور انہیں رام کرنا کوئی بچوں کا کھیل نہیں اور جان جوکھوں میں ڈالے بغیر حاصل ہونے والی فتح نہیں ہے۔ پنجاب کی خاموشی کو ان کی بے خبری نہ سمجھا جائے۔

پنجاب کا ووٹر جب خاموش ہوتا ہے تو وہ ناپ تول رہا ہوتا ہے۔ وہ کارکردگی کا موازنہ کرتا ہے، وہ صوبائی تعصبات سے اوپر اٹھ کر دیکھتا ہے کہ خیبر پختونخوا میں حکمرانی کا کیا معیار ہے اور وہاں کے عوام کو کیا سہولیات دی گئی ہیں؟ جب وہ یہ دیکھتا ہے کہ اپنے صوبے میں مسائل کا انبار لگا ہے اور وہاں کی قیادت دوسرے صوبوں میں جا کر صرف سیاسی شعبدہ بازی کر رہی ہے، تو وہ اپنا حتمی فیصلہ سنا دیتا ہے۔

اس تکیہ کلام کو بدلیں

پاکستان کے بارے میں جب یہ بات کوئی کہتا ہے کہ فلاں کام کی وجہ سے پاکستان کو توڑنے کی سازش کی جا رہی ہے تو جی چاہتا ہے اس کا منہ توڑ دوں۔ کوئی چیز بھی اب پاکستان کو توڑ نہیں سکتی۔ جب یہ بات کہی جائے تو پھر یہ بھی کہا جاتا ہے، کیا ملک ٹوٹا نہیں تھا۔ ایک حصہ علیحدہ نہیں ہوا تھا؟ ہاں ہوا تھا، مشرقی پاکستان بنگلہ دیش بنا تھا لیکن اس وقت زمینی حقائق اور کیمسٹری بہت مختلف تھی، دونوں حصوں کے درمیان ایک ہزار کلومیٹر کا فاصلہ اور درمیان میں سمندر، اس یکجہتی کو کمزور کرنے کا باعث بنا، پھر دونوں حصوں کے عوام میں وہ لسانی و ثقافتی روابط بھی نہیں تھے۔ یہ بھی درست ہے کہ کچھ حکومتی پالیسیاں اور معاشی محرومیاں بھی درمیان میں تھیں، سب سے بڑی بات اس حقیقت کو بھی نظر انداز کیا گیا تھا جو جمہوری حوالے سے زمین پر موجود تھی۔ پاکستان ٹوٹ گیا تھا، مگر پھر ہم نے بہت سی چیزوں کو درست بھی کیا، آئین بنایا، فیڈریشن بنائی، چار صوبے بنائے اور ایک نظام کو جاری و ساری کیا۔ اس کے مثبت اثرات بھی نکلے اور منفی نتائج بھی آئے۔ اس میں خامیاں بھی رہیں اور خوبیوں نے بھی جنم لیا۔ سب کچھ اپنی جگہ پر مگر یہ بات بے بات کہہ دینا کہ فلاں عمل کر کے ملک کو تقسیم کرنے کی سازش یا کوشش کی جا رہی ہے، میرے نزدیک پرلے درجے کی سفا کی ہے۔ کیا پاکستان کوئی کیک ہے جسے جب چاہے کوئی تقسیم کردے۔ ارے نہیں بھائی ملک کے چاروں صوبوں میں ایک ہی قوم بستی ہے، ہم چند فیصد لوگوں کی سرگرمیوں کو سامنے رکھ کر یہ کہہ دیتے ہیں کہ ملک کو تقسیم کرنے کی سازش ہو رہی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ ایک رہنا ہے اور چاروں اکائیاں بشمول آزاد کشمیر و گلگت بلتستان یہ ایک گلدستہ ہے جس کے ہر پھول کی حفاظت 25 کروڑ عوام کر رہے ہیں۔ اس معاملے میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت ہے۔ ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ اگر دوسرے صوبے میں جاتا ہے تو یہ اس کا حق ہے، تاہم

اگر سیاسی معاملات کے حوالے سے کسی صوبے کی انتظامیہ اس کے راستے میں رکاوٹیں کھڑی کرتی ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ اسے پاکستان کو تقسیم کرنے کی سازش کہہ دیا جائے۔ اوّل تو مجھے یہ سمجھ نہیں آتی کہ پنجاب حکومت چند سو یا چند ہزار لوگوں کے جمع ہونے سے اتنی خوفزدہ کیوں ہو جاتی ہے۔ کیوں صوبے کی وزیر اطلاعات کو بار بار ایسی ویڈیو شیئر کرنا پڑتی ہیں کہ خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ کو لاہور میں بندے نہیں مل رہے۔ بندے ملیں گے کیوں نہیں ملیں گے۔ ایک سیاسی جماعت ہے جس کی زمینی حقیقت موجود ہے، جس کے منتخب صوبائی ارکان بھی پنجاب اسمبلی میں موجود ہیں، وہ اگر چند ہزار لوگ باہر لے آتی ہے تو کون سا ریفرنڈم ہو گیا ہے۔ اس مصنوعی سوچ سے باہر آنے کی ضرورت ہے۔ سب کو پتہ ہے کون اس وقت کہاں کھڑا ہے۔ ایک ایسا ماحول بنانے کی کیا ضرورت ہے کہ جس میں خواہ مخواہ دوسرے کو اہمیت ملنا شروع ہو جائے۔

پھر خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کو بھی اس بات کو تکیہ کلام بنانے سے گریز کرنا چاہیے کہ انہیں اگر روکا گیا ہے، کارکنوں کو پکڑا یا مارا گیا ہے تو یہ ملک توڑنے کی سازش ہے۔ یہ سب ایک سیاسی کھیل تماشہ ہے۔ یہ بات بھی ایک بڑی حقیقت ہے کہ وزیر اعلیٰ جیسا بڑا حکومتی عہدیدار کسی صوبے کی بہت بڑی ذمہ داری بھی ہوتا ہے۔ اگر فرض کریں پنجاب میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو کچھ ہو جاتا ہے تو کتنا بڑا طوفان آئے گا؟ پنجاب حکومت یہ نہیں کہہ سکتی کہ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے سیکیورٹی لینے سے انکار کر دیا تھا۔ وہ لاکھ انکار کریں، ذمہ داری تو پھر بھی صوبے کی بنتی ہے۔ سہیل آفریدی جب لاہور میں پولیس والوں کو کہہ رہے تھے آپ واپس چلے جائیں، مجھے آپ کی کوئی ضرورت نہیں کیونکہ مجھے تو خطرہ ہی آپ سے ہے۔ میرے نزدیک یہ اس نظام کی حدود کو پار کرنے کے مترادف ہے، جس میں سارے انتظامات چل رہے ہیں۔ بدقسمتی سے تحریک انصاف جو بہت بڑی سیاسی جماعت ہے، اس وقت ایک وزیر اعلیٰ میں سمٹ کر رہ گئی ہے۔ وہ سندھ جائے، پنجاب جائے تو سٹریٹ موومنٹ ہوتی ہے۔ اس بڑی جماعت کے عہدیدار کہاں ہیں۔ ارکان اسمبلی کدھر چھپے ہوئے ہیں۔ حالت یہ ہے کہ وزیر اعلیٰ کی موجودگی میں بھی باہر نہیں آتے۔ یہ درست ہے کہ سختیاں بہت ہیں۔ پولیس گھروں میں داخل ہو جاتی ہے۔ گزشتہ دنوں پولیس کوٹ لکھپت جیل میں بند پی ٹی آئی کے رہنما محمود الرشید کے گھر داخل ہوئی

اور ان کی اہلیہ کے ساتھ بھی بدتمیزی کی، جس پر جناب مجیب الرحمن شامی نے بھی تاسف کا اظہار کیا اور وزیر اعلیٰ مریم نواز کی توجہ اس کا نوٹس لینے کی طرف دلائی، لیکن جدوجہد تو پھر قربانیاں مانگتی ہے۔ کیا ایک جماعت کو صرف کسی صوبے کا وزیر اعلیٰ پورے صوبے میں متحرک کر سکتا ہے جبکہ باقی ساری قیادت سوئی رہے۔

بات شروع ہوئی تھی اس نکتے سے سیاسی اقدامات یا سیاسی معاملات کی وجہ سے ہم یہ کہنا کیوں شروع کر دیتے ہیں کہ ملک کو توڑنے کی سازش ہو رہی ہے۔ نئے صوبوں کی بات ہونے لگے تو یہی راگ شروع ہو جاتا ہے۔ کسی صوبے کا وزیر اعلیٰ اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی دکھ بیان کردے تو یہی بات کی جاتی ہے، کسی دہشت گردی کو روکنے کیلئے کہیں سختی ہو تو شامت بے چارے پاکستان کی آ جاتی ہے کہ اسے توڑا جا رہا ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر اس اضافہ تراشی کو بند ہونا چاہیے۔ ہاں درست ہے کہ بلوچستان میں حالات خراب ہیں۔ کیا حالات خراب ہوں گے تو اس کا مطلب صوبہ ملک سے علیحدہ ہو جائے گا۔ کیا بھارت میں کئی صوبے علیحدگی پسندوں کی لپیٹ میں نہیں ہیں۔ کیا وہاں آئے روز یہ گردان کی جاتی ہے کہ بھارت کو توڑنے کی سازش ہو رہی ہے۔ کیا اس بات کو فارمولا بنایا جاسکتا ہے کہ جہاں چند گروہ اکٹھے ہو کر امن و امان کی صورتِ حال خراب کر دیں، وہاں ملک ٹوٹنے کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں۔ ایسے عناصر کی دنیا بھر میں سرکوبی کی جاتی ہے، نا کہ انہیں سر پر سوار کر لیا جائے۔ یہ ہمارے سیاسی نمائندوں کی کمزوری ہے کہ وہ پیچھے رہ جاتے ہیں اور دہشت گرد ان سے آگے نکل جاتے ہیں۔ بلوچستان کی سیاسی قیادت اتنی غیر فعال کیوں ہے، سامنے کیوں نہیں آتی اور یہ واضح بیان کیوں نہیں دیتی کہ مٹھی بھر دہشت گرد ہماری سلامتی کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اب یہ گھسا پٹا ناٹک بند ہونا چاہیے کہ اونچی سانس لینے سے بھی پاکستان ٹوٹ جائے گا۔ پاکستان تا ابد قائم رہے گا اور اس کا کوئی بال بھی بیکا نہیں کرسکتا۔

بات شروع ہوئی تھی اس نکتے سے سیاسی اقدامات یا سیاسی معاملات کی وجہ سے ہم یہ کہنا کیوں شروع کر دیتے ہیں کہ ملک کو توڑنے کی سازش ہو رہی ہے۔ نئے صوبوں کی بات ہونے لگے تو یہی راگ شروع ہو جاتا ہے۔ کسی صوبے کا وزیر اعلیٰ اپنے مسائل کے حوالے سے کوئی دکھ بیان کردے تو یہی بات کی جاتی ہے، کسی دہشت گردی کو روکنے کیلئے کہیں سختی ہو تو شامت بے چارے پاکستان کی آ جاتی ہے کہ اسے توڑا جا رہا ہے۔ ذرا ذرا سی بات پر اس اضافہ تراشی کو بند ہونا چاہیے۔ ہاں درست ہے کہ بلوچستان میں حالات خراب ہیں۔ کیا حالات خراب ہوں گے تو اس کا مطلب صوبہ ملک سے علیحدہ ہوجائے گا۔ کیا بھارت میں کئی صوبے علیحدگی پسندوں کی لپیٹ میں نہیں ہیں۔ کیا وہاں آئے روز یہ گردان کی جاتی ہے کہ بھارت کو توڑنے کی سازش ہو رہی ہے۔ کیا اس بات کو فارمولا بنایا جاسکتا ہے کہ جہاں چند گروہ اکٹھے ہو کر امن و امان کی صورتِ حال خراب کر دیں، وہاں ملک ٹوٹنے کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں۔ ایسے عناصر کی دنیا بھر میں سرکوبی کی جاتی ہے، نا کہ انہیں سر پر سوار کر لیا جائے۔ یہ ہمارے سیاسی نمائندوں کی کمزوری ہے کہ وہ پیچھے رہ جاتے ہیں

فن و ثقافت

ماہرہ خان کو 'بوڑھی خاتون' کہنے پر ٹی وی چینل شدید تنقید کی زد میں



لاہور (پی این پی) پاکستانی سپر اسٹار ماہرہ خان کو 41 سال کی عمر میں پریگنینٹ ہونے پر 'بوڑھی خاتون' قرار دینا ٹی وی چینل کو مہنگا پڑ گیا، سوشل میڈیا صارفین نے الفاظ کے انتخاب پر شدید ناراضی کا اظہار کیا ہے۔ ماہرہ خان نے حال ہی میں پریگنینسی کی خوشخبری مداحوں کے ساتھ شیئر کی۔ انہوں نے اس حوالے سے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ 41 سال کی عمر میں دوبارہ ماں بننے کا تجربہ ان کیلئے 24 سال کی عمر کے مقابلے میں جسمانی اور جذباتی طور پر مختلف ہے۔ اسی موضوع پر نجی ٹیلی ویژن چینل کے ایک پروگرام میں طبی ماہرین کے ساتھ زیادہ عمر میں حمل سے متعلق گفتگو کی گئی، تاہم پروگرام کے دوران ماہرہ خان کیلئے 'بوڑھی خاتون' کے الفاظ استعمال کیے گئے جس پر سوشل میڈیا صارفین اعتراض کر رہے ہیں۔ صارفین کا کہنا ہے کہ 41 سالہ خاتون کیلئے اس طرح کے الفاظ کا استعمال نامناسب اور غیر ضروری ہے۔ ایک صارف نے ردعمل دیتے ہوئے لکھا کہ اگر کوئی خاتون صحت مند ہے تو 40 سال کی عمر کو بڑھاپا قرار نہیں دیا جاسکتا، جبکہ ایک اور خاتون نے اپنا تجربہ شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ انہوں نے بھی 41 سال کی عمر میں قدرتی طور پر حمل ٹھہرنے کا تجربہ کیا۔

اداکارہ و میزبان کرن خان نے اشتیاق بیگ سے شادی کر لی

کراچی (پی این پی) معروف اداکارہ و میزبان کرن خان نے اشتیاق بیگ سے دوسری شادی کر لی۔ اداکارہ کرن خان نے کئی مارننگ شوز اور کوکنگ شوز کی میزبانی کی ہے اور لوگ ان کے دھیمے لہجے، باوقار انداز کی وجہ سے انہیں پسند کرتے ہیں۔ یاد رہے کہ کرن کی یہ دوسری شادی ہے اور ان کا ایک جوان بیٹا بھی ہے۔ کرن خان نے حال ہی میں انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے اپنی دوسری شادی کا اعلان کیا ہے، اداکارہ نے بتایا کہ انہوں نے اپنا پہلا عمرہ بھی ادا کیا اور اسی مقدس شہر میں شادی کے بندھن میں بندھیں۔ واضح رہے کہ اشتیاق بیگ گلوکارہ نازیہ حسن کے سابقہ شوہر ہیں جبکہ یہ ان کی تیسری شادی ہے۔ شوبز شخصیات کی جانب سے کرن خان کو شادی کی مبارکبادیں دینے کا سلسلہ جاری ہے اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

ٹام کروز ماضی میں جینا پسند نہیں کرتے

اپنے مستقبل کے عزائم بتادیئے

نیویارک (پی این پی) ہالی ووڈ کے ایکشن ہیرو ٹام کروز نے کہا ہے کہ کئی دہائیوں پر محیط شاندار فلمی سفر اور بے شمار کامیابیوں کے باوجود وہ ماضی کی کامیابیوں میں الجھ کر نہیں رہتے بلکہ ہر بار ایک نئے خواب کی تلاش میں نکل پڑتے ہیں۔ 64 سالہ ٹام کروز دنیا کے معروف اداکاروں میں شمار ہوتے ہیں اور خطرناک ایکشن مناظر اور اسٹنٹس خود انجام دینے کی وجہ سے بھی خاص شہرت رکھتے ہیں۔ ایک حالیہ انٹرویو میں انہوں نے اپنے فلمی کیریئر، زندگی کے نظریے اور مستقبل کے عزائم پر کھل کر بات کی۔ ٹام کروز کا کہنا تھا کہ زندگی مسلسل ان کی طرف بڑھ رہی ہے اور وہ بھی پوری توانائی کے ساتھ اس کا سامنا کر رہے ہیں۔ وہ آدھے دِل سے زندگی گزارنے پر یقین نہیں رکھتے اور نہ ہی کبھی یہ سوچنا چاہتے ہیں کہ وہ زندگی میں اپنی بلند ترین سطح تک پہنچ چکے ہیں۔

شاہ رخ، عامر، سلمان خان سے معذرت کی: سوارا بھاسکر

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ سوارا بھاسکر نے انکشاف کیا ہے کہ رام جنم بھومی سے متعلق بھارتی سپریم کورٹ کے فیصلے پر مجھے افسوس ہوا، میں نے شاہ رخ خان، عامر خان اور سلمان خان سمیت دیگر سے معذرت کی۔ 38 سالہ اداکارہ سماجی مسائل پر اپنے بے باک خیالات اور سرگرمیوں کے باعث اکثر خبروں میں رہتی ہیں۔ انہوں نے حالیہ انٹرویو میں گفتگو کے دوران رام جنم بھومی کیس کے سابقہ فیصلے کا حوالہ دیا اور سپریم کورٹ کے فیصلے پر اپنے ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ جب رام جنم بھومی کیس کا فیصلہ آیا تو میں بہت پریشان ہوئی، میں سوچ رہی تھی کہ یہ کیسا ملک ہے اور یہ کیسا فیصلہ ہے؟ اداکارہ کا کہنا تھا کہ میں اس لیے پریشان تھی کیونکہ مجھے لگا کہ یہ ناانصافی ہے، چنانچہ میں نے اپنی فون بک میں موجود تمام مسلمانوں کو پیغام بھیجا، جن میں شاہ رخ خان، عامر خان، سلمان خان سے لے کر فہد تک سب شامل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ میں ان تمام مسلمانوں سے رابطہ کرنا چاہتی تھی جنہیں میں جانتی ہوں، میں انہیں بتانا چاہتی تھی کہ ہندو مذہب سے تعلق ہونے کی حیثیت سے مجھے واقعی افسوس ہے

اداکارہ ملی بوبی براؤن کے گھر دوسرے بچے کی آمد

ممبئی (پی این پی) ہالی ووڈ کی معروف اداکارہ ملی بوبی براؤن اور ان کے شوہر جیک بونجیوی نے اپنی فیملی میں دوسرے بچے کی آمد کا اعلان کیا ہے۔ اسٹرینجر تھنگز اسٹار نے 17 ستمبر کو سوشل میڈیا پر مداحوں کے ساتھ خوشخبری شیئر کرتے ہوئے اپنے دوسرے بچے کی پہلی جھلک شیئر کی اور واضح کیا کہ جوڑے نے اس بار بھی ایڈاپٹ کیا ہے۔ تصویر میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ملی نے نئے ایڈاپٹڈ بیٹے کے ہاتھ پکڑے ہوئے ہیں۔ ان کے ہاتھ میں ایک انگوٹھی بھی دیکھی جاسکتی ہے جس میں 'مام' لکھا ہے۔ جوڑے نے اپنی روایت برقرار رکھتے ہوئے بچوں کے چہرے اور شناخت کو ظاہر نہیں کیا۔ واضح رہے کہ ملی بوبی براؤن اور جیک بونجیوی نے مئی 2024 میں شادی کی تھی۔ جوڑے نے گزشتہ برس اعلان کیا تھا کہ انہوں نے ایک بچی کو گود لیا ہے اور اب انہوں نے دوسرے بچے، ایک بیٹے کو بھی گود لیا ہے۔

بقیہ نمبر 1

میں دفعات 337/II/427-06 A ((i)341/148/149 کے تحت نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا تھا

بقیہ نمبر 2

سہولیات میں بہتری کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا جائزہ لیا** دورے کے دوران چیئرمین نے خصوصی طور پر سپر مارکیٹ اور کوہسار مارکیٹ کی اپ لفٹنگ اور تزئین و آرائش کے کاموں کا جائزہ لیا، جن میں عوامی مقامات کی بہتری، لینڈ اسکیپنگ، ہارٹیکلچر، گرین ایریاز، اسٹریٹ اسکیپ، صفائی ستھرائی اور متعلقہ انفراسٹرکچر شامل ہیں۔ انہوں نے متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی کہ مارکیٹوں کی بہتری کے کام مربوط انداز میں مکمل کیے جائیں تا کہ شہریوں، خریداروں اور آنے والے افراد کو صاف ستھرا، خوبصورت، آسان رسائی اور بہتر انتظامات پر مشتمل ماحول فراہم کیا جا سکے**۔ چیئرمین نے اس امر پر زور دیا کہ تزئین و آرائش اور لینڈ اسکیپنگ کے کام اسلام آباد کے موجودہ حسن، منصوبہ بندی اور قدرتی خوبصورتی سے ہم آہنگ ہونے چاہئیں۔ انہوں نے انوائرمنٹ اور دیگر متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی کہ شجرکاری، ہارٹیکلچر، گرین بیلٹس کی دیکھ بھال، لینڈ اسکیپڈ ایریاز کی بہتری اور مارکیٹوں وملحقہ سڑکوں کی مجموعی خوبصورتی پر خصوصی توجہ دی جائے۔ ڈپلومیٹک انکلیو کے دورے کے دوران چیئرمین نے متعلقہ شعبوں کو سڑکوں، لینڈ اسکیپنگ، ہارٹیکلچر، گرین ایریاز، اسٹریٹ اسکیپ اور دیگر متعلقہ انفراسٹرکچر کی مسلسل بہتری اور دیکھ بھال یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے علاقے میں صفائی ستھرائی، لینڈ اسکیپنگ اور اربن مینجمنٹ کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے پر بھی زور دیا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے تمام متعلقہ شعبوں کو ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی و تزئین و آرائش کے کام مقررہ مدت میں مکمل کیے جائیں اور معیار پر کسی صورت سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ تمام کام منظور شدہ ڈیزائن، تصریحات، انجینئرنگ اسٹینڈرڈز اور کوالٹی کنٹرول کے تقاضوں کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے کاموں کے مناسب اور معیاری نفاذ اور تکمیل کے بعد دیکھ بھال کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ معائنوں کی بھی ہدایت کی۔ مارکیٹوں اور منصوبہ جاتی مقامات کے اطراف ٹریفک مینجمنٹ، پیدل آمدورفت، روڈ سیفٹی، پارکنگ، صفائی ستھرائی اور عوامی سہولت پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ہدایت کی گئی۔ چیئرمین نے تعمیراتی سامان اور ملبہ فوری طور پر ہٹانے جبکہ سڑکوں، فٹ پاتھوں، گرین ایریاز اور عوامی مقامات کو کاموں کے دوران صاف، محفوظ اور قابل رسائی رکھنے کی ہدایت کی۔ چیئرمین نے سی ڈی اے افسران، پروجیکٹ ڈائریکٹرز، کنسلٹنٹس اور کنٹریکٹرز کو باہمی قریبی رابطہ برقرار رکھنے اور منصوبوں کی تکمیل میں رکاوٹ بننے والے تکنیکی، انتظامی یا دیگر مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ترقیاتی اور تزئین و آرائش کے تمام اجزا کو مربوط انداز میں مکمل کیا جائے تا کہ بہتر سہولیات بلاوجہ تاخیر کے بغیر عوام کے لیے دستیاب ہو سکیں۔ ناظم الدین روڈ اور اسلام آباد ایکسپریس وے پر جاری کاموں کا جائزہ لیتے ہوئے چیئرمین نے متعلقہ شعبوں کو سڑکوں کے انفراسٹرکچر، لینڈ اسکیپنگ، ہارٹیکلچر، صفائی ستھرائی اور ٹریفک مینجمنٹ کے اعلیٰ معیار کو برقرار رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اہم شاہراہوں، تجارتی علاقوں اور عوامی مقامات کی باقاعدہ دیکھ بھال اور مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے تا کہ ان کی بہتر حالت برقرار رہے۔ چیئرمین سی ڈی اے نے کہا کہ کوہسار مارکیٹ، سپر مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کی اپ لفٹنگ، عوامی مقامات کی بہتری اور لینڈ اسکیپنگ وتزئین وآرائش کے اقدامات اسلام آباد کے شہری ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے سی ڈی اے کی کاوشوں کا اہم حصہ ہیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ترقیاتی کاموں کے ذریعے بہتر رسائی، ٹریفک کی روانی، عوامی سہولیات اور شہر کے مجموعی ماحول میں بہتری کو یقینی بنایا جائے۔ چیئرمین نے سینئر افسران اور پروجیکٹ ڈائریکٹرز کو ترقیاتی اور تزئین وآرائش کے منصوبوں کی پیش رفت کی ذاتی طور پر نگرانی کرنے، باقاعدگی سے فیلڈ وزٹس کرنے اور مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔ سی ڈی اے اسلام آباد کی ترقی، اپ لفٹنگ، تزئین و آرائش اور جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے مربوط انفراسٹرکچر، مارکیٹوں کی بہتری، لینڈ اسکیپنگ، ہارٹیکلچر اور ماحولیاتی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ ان اقدامات کا مقصد عوامی سہولیات میں بہتری، تجارتی علاقوں کی فعالیت اور خوبصورتی میں اضافہ، رابطہ کاری کو بہتر بنانا اور وفاقی دارالحکومت کے مجموعی حسن، کردار اور شہری ماحول کو برقرار رکھنا ہے۔

بقیہ نمبر 3

مساوات پائیدار ترقی کے لیے بنیادی شرط ہے، جینڈر پیریٹی رپورٹ پالیسی سازی اور وسائل کی تقسیم میں رہنمائی کرے گی۔

وزیراعلیٰ سندھ کی معاون خاص برائے انسانی حقوق راجویر سنگھ سوڈھو نے جینڈر پیریٹی رپورٹ 2024 پر وزیراعلیٰ کو دی گئی بریفنگ میں بتایا کہ سندھ میں مردوں کی شرح خواندگی 68 فیصد جب کہ خواتین کی 47 فیصد ہے، دیہی سندھ میں خواتین کی شرح خواندگی صرف 52.27 فیصد ہے، سندھ میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ 5 تا 16 سال کی عمر کی لاکھوں بچیاں تعلیم سے محروم ہونا انتہائی تشویشناک ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ لڑکیوں کے اسکول، داخلوں اور تعلیم کے لیے فوری اقدامات کی ضرورت ہے، صوبے میں تعلیم کے شعبے میں صنفی فرق اب بھی بڑا چیلنج ہے۔ رپورٹ میں زچگی کے معاملات کا بتایا گیا، راجویر سنگھ سوڈھو نے بتایا کہ سندھ میں زچگی کے دوران اموات کی شرح میں نمایاں کمی ریکارڈ ہوئی ہے، زچگی کے دوران اموات 314 سے کم ہو کر فی ایک لاکھ پیدائشوں پر 224 ہو گئیں، سندھ میں نوزائیدہ بچوں کی شرح اموات فی ایک ہزار پیدائشوں پر 24 ہے، سندھ میں صحت کے لیے مختص بجٹ میں مسلسل اضافہ بہتر اقدام ہے، سندھ کا 2023-24ء میں صحت کا بجٹ 5,214 ارب روپے تھا، حکومت سندھ نے 2024-25ء میں صحت بجٹ بڑھا کر 54,267 ارب روپے کیا، حالیہ سال 2025-26ء میں سندھ کا صحت بجٹ 22,318 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ سندھ پولیس سے متعلق بتایا گیا کہ سندھ پولیس میں خواتین کی نمائندگی صرف 34.4 فیصد ہے، سندھ میں پراسیکیوٹرز میں خواتین کا حصہ 3.18 فیصد ہے، ججز میں خواتین کی نمائندگی 7.13 فیصد ہے، سنہ 2024ء میں سندھ میں صنفی بنیاد پر تشدد کے 085,3 کیسز رپورٹ ہوئے، صنفی تشدد کے واقعات خواتین کے تحفظ کے لیے مؤثر اقدامات کی ضرورت ظاہر کرتے ہیں، رپورٹ میں خواتین کے لیے انصاف تک رسائی اور حفاظتی نظام مزید بہتر بنانے پر زور دیا گیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ سندھ میں خواتین ووٹرز کی رجسٹریشن ایک کروڑ 20 لاکھ سے تجاوز کر گئی، انتخابات میں حصہ لینے والی خواتین کی تعداد 2018ء کے 23 سے بڑھ کر 2024ء میں 53 ہو گئی، سندھ میں سیاسی عمل میں خواتین کی شرکت میں اضافہ دیکھا گیا ہے، اس پر وزیراعلیٰ سندھ نے خواتین کی فیصلہ سازی اور عوامی نمائندگی بڑھانے پر زور دیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ سندھ میں خواتین کی ملازمتوں کی تعداد 24 لاکھ 80 ہزار سے بڑھ کر 33 لاکھ 20 ہزار ہو گئی، خواتین کی افرادی قوت میں شرکت 8.43 فیصد سے بڑھ کر 2.46 فیصد ہو گئی، خواتین کی معاشی شرکت میں بہتری کے باوجود رکاوٹیں برقرار ہیں، خواتین کے لیے باعزت روزگار تک رسائی بہتر بنانے کی ضرورت ہے، ڈیجیٹل سہولیات تک محدود رسائی خواتین کی معاشی شرکت میں رکاوٹ ہے۔ وزیراعلیٰ نے صوبائی محکموں کو جینڈر پیریٹی رپورٹ کی روشنی میں پالیسیاں بنانے کا حکم دیا۔ صوبائی محکموں کو صنفی بنیاد پر الگ اعداد وشمار کا نظام مضبوط بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ نے سرکاری اداروں میں نگرانی کے نظام کو بہتر بنانے کی ہدایت کی اور اداروں کے درمیان رابطہ اور تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ خواتین کی ضروریات کو ترقیاتی منصوبہ بندی اور بجٹ سازی میں شامل کیا جائے۔ وزیراعلیٰ نے دیہی اور پسماندہ علاقوں میں ضلعی سطح پر خصوصی اقدامات کی ہدایت دی۔ وزیراعلیٰ نے تعلیم، صحت، روزگار اور عوامی نمائندگی میں صنفی فرق ختم کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کا فیصلہ کیا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ 2023 میں سندھ کی آبادی 5 کروڑ 56 لاکھ 90 ہزار تک پہنچ گئی

بقیہ نمبر 4

والے مرکزی ملزم کو گرفتار کر لیا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق ملزم ساتھیوں کے ہمراہ اس کے بیٹے کو مار رہا تھا، چھڑانے پر گھر کی خواتین سے بھی دست درازی کی، جاتلی پولیس نے ٹیکنیکل وہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا، زیر حراست شخص کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 5

لیے RWMC ورکرز اور ستھرا پنجاب ٹیمز کے ساتھ اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسنین نے اہم میٹنگ کی، جس میں تحصیل بھر میں ڈیپ کلیننگ، نالوں اور گلی محلوں کی صفائی، ویسٹ مینجمنٹ اور صفائی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر صفائی ٹیموں کو ہدایت کی گئی کہ تحصیل گوجرخان کے شہری و دیہی علاقوں میں صفائی کے کام کو مزید تیز کیا جائے اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔

بقیہ نمبر 6

سے بھی دریافت کیا اور ان کے مسائل سنے۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ سرکاری مراکز صحت میں مریضوں کو علاج معالجے اور ادویات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے فرائض میں غفلت برتنے والے عملے کے خلاف کارروائی کا عندیہ بھی دیا

بقیہ نمبر 7

اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مسلمانوں کے لیے خانہ کعبہ اور مسجد نبویؐ انتہائی مقدس مقامات ہیں اور ان کے تحفظ اور حرمت کے لیے امت مسلمہ کے جذبات اور احساسات انتہائی گہرے ہیں مظاہرے کے شرکاء نے حرمین شریفین کی سلامتی، تحفظ اور امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے خصوصی دعائیں بھی کیں اس موقع پر پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع مانسہرہ کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر عبدالسلام خان نے کہا کہ حرمین شریفین کی حفاظت ہر مسلمان کے ایمان اور عقیدے کا اہم حصہ ہے امت مسلمہ کو چاہیے کہ وہ مقدس مقامات کے تحفظ اور حرمت کے لیے متحد ہو کر اپنا بھرپور کردار ادا کرے انہوں نے مظاہرے میں شرکت کرنے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین سے محبت ہر مسلمان کے دل میں موجود ہے اور ایسے اجتماعات اسی محبت اور عقیدت کا عملی اظہار ہیں ڈاکٹر عبدالسلام خان نے دعا کی کہ اللہ رب العالمین تحفظ حرمین شریفین کے لیے منعقدہ اس مظاہرے میں شریک تمام افراد کو اجر عظیم عطا فرمائے اور پوری امت مسلمہ کو اپنے مقدس مقامات کے تحفظ، حرمت اور سلامتی کے لیے اپنا تن، من، دھن قربان کرنے کی توفیق عطا فرمائے مظاہرے کے اختتام پر امت مسلمہ کے اتحاد و اتفاق، ملک پاکستان کی سلامتی، حرمین شریفین کے تحفظ اور عالم اسلام کی سربلندی کے لیے خصوصی دعائیں بھی مانگی گئیں

بقیہ نمبر 8

اور کوئنٹن سیمپسن کو آؤٹ کیا۔ شاداب خان نے میچ میں 16 رنز دے کر کل 4 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ اسی طرح میچ میں سفیان مقیم نے بھی 4 وکٹیں اڑائیں، سفیان مقیم نے صرف 13 رنز دے کر 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ یاد رہے دونوں قومی کھلاڑی سی پی ایل 2026 میں انٹیگا اینڈ باربودا فالکنز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ گزشتہ روز انٹیگا اینڈ باربودا فالکنز کوالیفائر 1 میں گیانا ایمزون واریئرز کو شکست دے کر فائنل میں پہنچ گئی۔ گیانا نے انٹیگا اینڈ باربودا کو جیت کیلئے 77 رنز کا ہدف دیا تھا، انٹیگا اینڈ باربودا نے ہدف صرف ایک وکٹ کے نقصان پر 2.5 اوورز میں حاصل کر لیا۔

بقیہ نمبر 9

ہوئے قتل اور اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کر لیا، ملزم نے لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے سگے بھائی کو قتل اور ہمشیرہ کو زخمی کیا تھا، گوجرخان پولیس نے ٹیکنیکل وہیومن انٹیلیجنس ذرائع بروئے کار لاتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر لیا، ایس پی صدر انعم شیر نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا

بقیہ نمبر 10

جائے گا ایوارڈ کا مقصد پی ایس ایل فرنچائزز کی جانب سے کرکٹ اور کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی حوصلہ افزائی کرنا ہے پہلے ایوارڈ کے لیے پی ایس ایل سیزن 3 سے 11 تک فرنچائزز کے ڈویلپمنٹ اقدامات کا جائزہ لیا جائے گا جبکہ آئندہ سال سے گزشتہ ایک سال کی کھلاڑیوں اور کرکٹ ڈویلپمنٹ کارکردگی کو مدنظر رکھا جائے گا پاکستان کرکٹ بورڈ ایوارڈ کے لیے پانچ رکنی کمیٹی تشکیل دے گا فرنچائزز پہلے پی ایس ایل کے وضع کردہ فریم ورک کے تحت اپنی کارکردگی کی خود درجہ بندی کریں گی جس کے بعد آزاد کمیٹی شواہد کی بنیاد پر اسکورز کی جانچ کرے گی کارکردگی کے جائزے میں پانچ پیمانے شامل ہوں گے کھلاڑیوں کے پاتھ وے اور ڈویلپمنٹ کا حصہ 25 فیصد کھلاڑیوں کے اثر اور میچ میں کردار کا 10 فیصد ہائی پرفارمنس انفراسٹرکچر اور ٹیکنالوجی کے استعمال کا 15 فیصد گراس روٹ سرگرمیوں اور مردوں وخواتین کی ڈومیسٹک کرکٹ میں کردار کا 20 فیصد جبکہ کھلاڑیوں کی فلاح وبہبود اور تعلیم کا حصہ 10 فیصد ہوگا ان پانچ پیمانوں سے مجموعی طور پر 80 فیصد اسکور حاصل ہوگا جبکہ بقیہ 20 فیصد اسکور شائقین کی ووٹنگ کے ذریعے طے کیا جائے گا

بقیہ نمبر 11

اور پیر سید علی اصغر شاہ کے لیے تعزیتی ریفرنس 20 ستمبر بروز اتوار جامعہ اسلامیہ رضویہ باڑیاں سربھنہ ایبٹ آباد میں منعقد ہوگا۔ اجلاس جانشین مفکر ملت علامہ پیر محمود احمد عباسی، پرنسپل جامعہ رضویہ انوار العلوم واہ کینٹ کی زیر صدارت ہوگا، جبکہ علامہ پیر مصباح المالک خان لقمانوی، سجادہ نشین خانقاہ لقمانیہ ہری پور قیادت فرمائیں گے۔ پیر عثمان علی عباسی زیر نگرانی اور استاذ العلماء علامہ صاحبزادہ منیر عالم قادری ہزاروی زیر سرپرستی اجتماع منعقد ہوگا۔ تقریب سے خصوصی خطاب علامہ پیر سید امتیاز حسین شاہ کاظمی اسلام آباد فرمائیں گے۔ اجتماع میں پیر سید شاہ سلطان اسحاق الکاظمی، پیر سید شیر شاہ کاظمی، پیر سید شاہ احمد کمال کاظمی، پیر شبیر حسین بھلکوٹی، پیر سید علی رضا شاہ کاظمی، پیر محمد حنیف خان جدون، پیر سلطان احمد فاروق، پیر سید سبز حسین شاہ کاظمی، پیر سراج الرحمن، پیر سید محبوب شاہ کاظمی، پیر سید وفا الحسنین شاہ کاظمی، پیر سید علی اظہر شاہ کاظمی، پیر سید شاہ حامد کمال کاظمی، پیر فدا الرحمن، پیر سید علی فرزاد شاہ کاظمی، علامہ پیر سید محبوب حسین شاہ کاظمی، علامہ پیر محمد داؤد چشتی، پیر سید شاہ اسحاق ثانی اور علامہ حافظ محمد اعجاز قادری سمیت علماء و مشائخ اور دیگر شخصیات خصوصی شرکت کریں گی۔ ان خیالات کا اظہار تنظیم اہل سنت انٹرنیشنل کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات اور جامعہ رضویہ انوار العلوم واہ کینٹ کے مدرس و ناظم نشر و اشاعت علامہ سید ضمیر حسین شاہ کاظمی نے جاری کردہ پریس ریلیز میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علامہ محبوب عالم قادری چشتی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر اکابر اہل سنت کی خدمات ہماری دینی و روحانی روایت کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ ان بزرگوں نے علم، عمل، اصلاح معاشرہ اور محبت رسول اکرم ﷺ کے فروغ کے لیے قابل قدر خدمات انجام دیں۔ ان کے افکار و کردار کو نئی نسل تک پہنچانا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ علامہ سید ضمیر حسین شاہ کاظمی نے اہل سنت کے علماء، مشائخ، طلبہ اور عوام سے اپیل کی کہ وہ 20 ستمبر کو جامعہ اسلامیہ رضویہ باڑیاں سربھنہ ایبٹ آباد میں منعقد ہونے والے اس روحانی و علمی اجتماع میں بھرپور شرکت کریں اور اکابر دین کی تعلیمات سے استفادہ کریں۔

بقیہ نمبر 12

مطابق مین اڈیالہ روڈ راولپنڈی کی سڑک کا کام مکمل ہوئے کئی ماہ گزر جانے کے باوجود سیوریج کے نالوں کا کام ٹھیکیدار ادھورا چھوڑ کر غائب ہو گیا جس کے باعث کئی حادثے رونما ہوئے کئی افراد گر کر ٹانگیں، بازوں بھی تڑوا بیٹھے ہیں کیونکہ ان نالوں پر لینٹر نہیں ڈالا گیا۔ یاد رہے کئی جگہوں پر بغیر نالوں کی صفائی اور نالوں سے کچرا اور مٹی نکالے لینٹر ڈال دیا گیا۔ مگر سیوریج کا پانی جاری ہونے کے بجائے روڈ پر بہنے لگتا ھے اہل علاقہ نے وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، انجینئر قمر الاسلام راجہ ایم این اے، اور ایم پی اے اور دیگر اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل کی ھے

بقیہ نمبر 13

ادا کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں عبدالقدوس سواتی نے کہا کہ وہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے تمام معزز ممبران کے بے حد مشکور و ممنون ہیں جنہوں نے ان پر اعتماد کا اظہار کیا اور ان کے پہلے انتخابی سفر میں بھرپور حمایت اور حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ان کا پہلا الیکشن تھا اور اس موقع پر بزنس کمیونٹی کی جانب سے جس بھرپور اعتماد، محبت اور پذیرائی کا اظہار کیا گیا، وہ ان کے لیے انتہائی قابل قدر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 364 ووٹ حاصل کر کے سیکنڈ ہائیسٹ کامیابی حاصل کرنا ان کے لیے نہ صرف اعزاز ہے بلکہ یہ نتیجہ ان پر عائد ہونے والی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ کرتا ہے۔ عبدالقدوس سواتی نے کہا کہ دوستوں، ساتھیوں اور بزنس کمیونٹی کے افراد نے جس اعتماد کے ساتھ ان کا ساتھ دیا، وہ اس اعتماد کو اپنے لیے ایک قیمتی سرمایہ سمجھتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ انتخابی عمل میں کامیابی صرف ووٹوں کی تعداد نہیں بلکہ ساتھیوں کی محبت، اعتماد اور ان کے ساتھ کھڑے ہونے کا اظہار بھی ہے، جسے وہ ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ وہ اپنے ووٹرز کے اعتماد پر پورا اترنے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے اور اسلام آباد کی بزنس کمیونٹی کو درپیش مسائل کے حل، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور تاجروں وصنعتکاروں کے مفادات کے تحفظ کے لیے اپنی صلاحیتوں کے مطابق خدمات انجام دیتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر 14

جا سکے اور مرکز کو جلد از جلد فعال کرنے کے لیے اس کی تیاریوں کا جائزہ لیا جا سکے۔ دورے کے دوران وفاقی سیکرٹری کو منصوبے کی تعمیراتی پیش رفت، عمل درآمدگی مدت، باقی رہ جانے والے کاموں، افرادی قوت کی منصوبہ بندی اور مرکز کو مکمل طور پر فعال کرنے کی مجموعی تیاری کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے جاری تعمیراتی اور تزئین ومرمت کے کاموں کا جائزہ لیا اور مرکز کی بروقت تکمیل اور مؤثر طور پر فعال کرنے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کا بھی جائزہ لیا۔ جناب ندیم محبوب نے تمام متعلقہ ٹیموں اور اداروں کو ہدایت کی کہ منصوبے پر کام کی رفتار تیز کی جائے اور مقررہ مدت کی سختی سے پابندی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ باقی ماندہ کام کے دوران معیار، حفاظت اور رسائی کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھا جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو مزید ہدایت کی کہ سامنے آنے والی رکاوٹوں کی نشاندہی کی جائے اور باہمی رابطے، مؤثر تعاون اور مختلف اداروں کے درمیان مضبوط اشتراک کے ذریعے انہیں فوری طور پر حل کیا جائے۔ آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر کے لیے مرکز فضیلت وزیراعظم کی ہدایات کے تحت وفاقی حکومت کا ایک اہم منصوبہ ہے، جس کا مقصد خصوصی اور جامع تعلیم کے نظام کو مضبوط بنانا اور مختلف شعبوں کے ماہرین پر مشتمل ایک مربوط نظام قائم کرنا ہے۔ اس مرکز میں آٹزم سے متعلق خصوصی تشخیص اور تعلیمی خدمات، اسپیچ تھراپی، آکوپیشنل تھراپی، رویوں سے متعلق تھراپی، بحالی، زندگی گزارنے کی مہارتوں کی تربیت، تحقیق اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے مواقع، والدین کی کونسلنگ اور خاندانوں کی معاونت، پیشہ ورانہ تربیت اور دیگر مختلف شعبوں سے متعلق خدمات فراہم کی جائیں گی۔ اس مرکز کو آٹزم سے متاثرہ بچوں کے لیے موزوں، قابل رسائی اور کم محرکات والے ماحول کے طور پر ڈیزائن کیا جا رہا ہے۔ اس میں خصوصی کلاس رومز، تھراپی اور حسی تربیت کے کمرے، تعلیمی سہولیات، کونسلنگ کے لیے جگہیں، زندگی کی مہارتیں سکھانے کے لیے مخصوص مقامات اور محفوظ علاجی بیرونی علاقے شامل ہوں گے۔ ان خصوصی طور پر تیار کردہ سہولیات کا مقصد آٹزم سے متاثرہ بچوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ایک محفوظ، معاون اور بہتر ماحول فراہم کرنا ہے۔ مرکز فضیلت کا قیام پاکستان کے خصوصی تعلیم کے نظام کو مضبوط بنانے اور ایک زیادہ جامع، قابل رسائی اور معاون تعلیمی نظام کی ترقی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ یہ منصوبہ وفاقی حکومت کے اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ مختلف تعلیمی اور نشوونمائی ضروریات رکھنے والے بچوں کو معیاری تعلیم، مناسب معاون خدمات اور ان کی مجموعی نشوونما کے لیے بہتر مواقع فراہم کیے جائیں۔ وفاقی سیکرٹری نے دوبارہ واضح کیا کہ مرکز کی بروقت تکمیل اور اسے فعال کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ وہ قریبی رابطہ اور باہمی تعاون برقرار رکھیں اور مقررہ مدت کے اندر مرکز کو فعال کرنے کے لیے تمام ضروری انتظامات مکمل کریں۔

بقیہ نمبر 15

سسٹم کا معائنہ کیا جا رہا ہے جبکہ غیر قانونی پریشر ہارن نصب یا استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا رہی ہے۔ سٹی ٹریفک پولیس کے مطابق پریشر ہارن کی انتہائی تیز آواز شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بننے کے ساتھ صوتی آلودگی میں بھی اضافہ کرتی ہے، خصوصاً مری جیسے گنجان آباد اور پرسکون پہاڑی شہر میں اس کے استعمال سے مریضوں، بزرگوں، بچوں اور دیگر شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ٹریفک پولیس نے ڈرائیورز اور ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی ہے کہ گاڑیوں میں پریشر ہارن نصب نہ کریں اور موجود پریشر ہارن فوری طور پر اتار کر مقررہ و معیاری ہارن استعمال کریں۔ چیف ٹریفک آفیسر مری ایس پی منیر احمد ہاشمی نے ٹریفک وارڈنز کو ہدایت کی ہے کہ پریشر ہارن کے خلاف کارروائی کے دوران قانون پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جائے۔ سٹی ٹریفک پولیس مری نے واضح کیا کہ پریشر ہارن کے غیر قانونی استعمال کے خلاف کارروائیاں قانون کے مطابق جاری رہیں گی۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ دوران ڈرائیونگ غیر ضروری ہارن کے استعمال سے گریز اور ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کریں

بقیہ نمبر 16

سسٹم کا معائنہ کیا جا رہا ہے جبکہ غیر قانونی پریشر ہارن نصب یا استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جا رہی ہے۔ سٹی ٹریفک پولیس کے مطابق پریشر ہارن کی انتہائی تیز آواز شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث بننے کے ساتھ صوتی آلودگی میں بھی اضافہ کرتی ہے، خصوصاً مری جیسے گنجان آباد اور پرسکون پہاڑی شہر میں اس کے استعمال سے مریضوں، بزرگوں، بچوں اور دیگر شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ٹریفک پولیس نے ڈرائیورز اور ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی ہے کہ گاڑیوں میں پریشر ہارن نصب نہ کریں اور موجود پریشر ہارن فوری طور پر اتار کر مقررہ و معیاری ہارن استعمال کریں۔ چیف ٹریفک آفیسر مری ایس پی منیر احمد ہاشمی نے ٹریفک وارڈنز کو ہدایت کی ہے کہ پریشر ہارن کے خلاف کارروائی کے دوران قانون پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور شہریوں کو ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی جائے۔ سٹی ٹریفک پولیس مری نے واضح کیا کہ پریشر ہارن کے غیر قانونی استعمال کے خلاف کارروائیاں قانون کے مطابق جاری رہیں گی۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ دوران ڈرائیونگ غیر ضروری ہارن کے استعمال سے گریز اور ٹریفک قوانین کی مکمل پابندی کریں۔

بقیہ نمبر 17

سمیت شہری مقامات پر میزائل اور ڈرون حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ شہریوں، گھروں اور اہم تنصیبات کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ حالیہ حملوں میں سعودی حکام کے مطابق متعدد شہری زخمی ہوئے اور بعض گھروں، گاڑیوں اور شہری تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے۔ مولانا ابوبکر حمید صابری نے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ ہماری ریڈ لائن ہیں۔ حرمین شریفین صرف سعودی عرب ہی نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کے ایمان، عقیدے اور جذبات کا مرکز ہیں۔ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی طرف کسی بھی قسم کا خطرہ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی تشویش کا باعث ہے۔ سعودی حکام کے مطابق مکہ مکرمہ کی جانب آنے والے ایک ڈرون کو ممنوعہ فضائی حدود میں داخل ہونے سے پہلے روک کر تباہ کیا گیا، جبکہ حوثی گروہ نے مکہ کو نشانہ بنانے کی تردید کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی، علاقائی سالمیت اور شہریوں کے تحفظ کے خلاف کسی بھی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان تعلقات محض سفارتی نہیں بلکہ تاریخی، دینی اور برادرانہ بنیادوں پر قائم ہیں۔ پاکستانی قوم سعودی عرب کی سلامتی، حرمین شریفین کے تحفظ اور سعودی عوام کے امن و استحکام کے لیے اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ مولانا ابوبکر حمید صابری نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کی قیادت کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سعودی قیادت نے حرمین شریفین، زائرین، شہریوں اور مملکت کے تحفظ کے لیے جس ذمہ داری اور تدبر کا مظاہرہ کیا ہے وہ قابل قدر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے اور حرمین شریفین کے تقدس وسلامتی، سعودی عرب کے امن واستحکام اور پاک سعودی برادرانہ تعلقات کے فروغ کے لیے اپنا پُرامن آئینی اور جمہوری کردار جاری رکھے گا۔ انہوں نے عالمی برادری اور مسلم امہ پر زور دیا کہ خطے میں کشیدگی کے خاتمے شہریوں کے تحفظ اور مقدس مقامات کو ہر قسم کے تنازع اور حملوں سے محفوظ رکھنے کے لیے مؤثر سفارتی کردار ادا کیا جائے کیونکہ حرمین شریفین کا امن پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہم ہے

بقیہ نمبر 18

ڈیپارٹمنٹ ہیڈکوارٹرز اور سی آئی اے کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے متعلقہ افسران سے ادارہ جاتی امور، مجموعی کارکردگی اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ لی۔ سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کے دورے کے دوران ایس ایس پی سی ٹی ڈی سعود خان نے ڈی آئی جی اسلام آباد کو سی ٹی ڈی کی ورکنگ، پیشہ ورانہ امور اور مختلف اقدامات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے سی ٹی ڈی افسران کو مؤثر حکمت عملی کے تحت کارروائیوں کو مزید بہتر بنانے، پیشہ ورانہ ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دینے اور فرائض کی انجام دہی میں مزید بہتری لانے کے حوالے سے ضروری ہدایات جاری کیں۔ سی آئی اے کے دورے کے دوران ڈی آئی جی اسلام آباد نے ریکارڈ روم، حوالات اور دیگر مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انچارج سی آئی اے ڈی ایس پی سلیمان شاہ، انچارج اینٹی وہیکل لفٹنگ یونٹ اور تفتیشی افسران کے ساتھ تعارفی اجلاس بھی منعقد ہوا۔ اجلاس میں سی آئی اے کی مجموعی کارکردگی، تفتیشی امور اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈی آئی جی اسلام آباد نے ہدایت کی کہ کار و موٹر سائیکل چوری اور راہزنی میں ملوث متحرک گروہوں کے خلاف مؤثر اور نتیجہ خیز کریک ڈاؤن کیا جائے۔ سابقہ ریکارڈ یافتہ اشتہاری مجرمان کی فہرستیں مرتب کر کے ان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے، جبکہ چوری شدہ کاروں، موٹر سائیکلوں اور ان کے سامان کی خرید و فروخت میں ملوث عناصر کے خلاف بھی مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں

بقیہ نمبر 19

ہوئے کہا ہے کہ مسجد اور عبادت کے مقام کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت اقدام ہے۔ معصوم شہریوں اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت اور ملکی امن کے دشمن ہیں۔ ایسے بزدلانہ واقعات کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری طور پر بہترین اور جدید طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل نے کہا کہ دہشت گرد اور شرپسند عناصر ملک میں خوف و ہراس پھیلانے اور امن و امان کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں، تاہم قوم کے اتحاد اور ریاستی اداروں کی مؤثر حکمت عملی سے ان کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا جا سکتا ہے

بقیہ نمبر 20

سمیت دیگر علاقوں میں 6 بجے کی بجائے گیس 15:6 یا 30:6 بجے آتی ہی اور 15:8 بجے گیس بند کردی جاتی ہیں اور دن کے وقت 12 سے 2 بجے تک کا شیڈول ہے لیکن گیس ساڑھے بارہ بجے آتی ہے اور ڈیڑھ بجے سے پہلے ہی بند کر دی جاتی ہے۔ رات کے اوقات میں بھی یہی صورتحال ہے، شام 6 بجے کی بجائے گیس ساڑھے 6 بجے آتی ہے اور ساڑھے 9 بجے کی بجائے سوا آٹھ بجے ہی بند کر دی جاتی ہے۔ گیس کی بندش کی وجہ سے خواتین کو گھروں میں کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ بچے اور بزرگ بھی پریشان ہیں۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ گیس کی لوڈشیڈنگ کے اعلان کردہ شیڈول پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے اور شہریوں کو ریلیف فراہم کیا جائے

بقیہ نمبر 21

کو ایس ایس بی سی کے پلیٹ فارم، اس کے تحت دستیاب مواقع، سہولیات، رہنمائی اور معاونت سے آگاہ کرنا اور انہیں موجودہ داخلہ مہم میں درخواست دینے کی ترغیب دینا تھا۔ طلبہ کو بتایا گیا کہ ایس ایس بی سی انہیں اپنے جدید کاروباری خیالات کو قابل عمل اور تجارتی بنیادوں پر کامیاب کاروبار میں تبدیل کرنے کے لیے ضروری رہنمائی اور معاونت فراہم کرتا ہے۔ اس موقع پر ایس ایس بی سی کے سابق طلبہ اور کاروباری منصوبوں سے وابستہ نوجوانوں کو بھی مدعو کیا گیا جنہوں نے ایس ایس بی سی میں اپنے تجربات، کاروباری سفر اور حاصل ہونے والی عملی تربیت سے آگاہ کیا۔ سابق طلبہ نے موجودہ طلبہ کو کاروباری خیالات کو عملی شکل دینے، درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور کامیاب اسٹارٹ اپ کے قیام کے حوالے سے مفید معلومات فراہم کیں۔ سیمینار میں 200 سے زائد طلبہ نے شرکت کی جو نوجوانوں میں کاروبار، جدت اور اسٹارٹ اپس کے حوالے سے بڑھتی ہوئی دلچسپی کی عکاسی کرتی ہے۔ منتظمین کے مطابق ایس ایس بی سی میں جاری داخلہ مہم کے لیے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 20 ستمبر 2026ء ہے۔

بقیہ نمبر 22

ٹورنامنٹس میں تین روزہ نان فرسٹ کلاس میچز کھیلے جائیں گے جبکہ فائنلز چار روزہ ہوں گے گریڈ ٹو گولڈ ٹورنامنٹ میں 10 ٹیمیں شرکت کریں گی جنہیں دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے گولڈ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز 10 سے 13 اکتوبر جبکہ فائنل 16 سے 19 اکتوبر تک کھیلا جائے گا گولڈ کے میچز اسلام آباد ہری پور اور کراچی میں ہوں گے گریڈ ٹو گولڈ کی فاتح ٹیم کو 50 لاکھ روپے انعام دیا جائے گا جبکہ وہ گریڈ ون میں ترقی کی بھی حقدار ہوگی گریڈ ٹو سلور ٹورنامنٹ میں چھ ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں یونیورسٹی آف پنجاب اور یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب بھی شامل ہیں سلور ٹورنامنٹ کے سیمی فائنلز 10 سے 12 اکتوبر جبکہ فائنل 15 سے 18 اکتوبر تک ہوگا سلور کے میچز شیخوپورہ مریدکے اور لاہور میں کھیلے جائیں گے گریڈ ٹو سلور کی چیمپئن ٹیم کو 25 لاکھ روپے انعام دیا جائے گا جبکہ فاتح اور رنرز اپ دونوں ٹیمیں گریڈ ٹو گولڈ میں ترقی حاصل کریں گی

بقیہ نمبر 23

جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو توجہ سے سنے اور ان کے حل کے لیے اپنی جانب سے ہر ممکن تعاون اور پولیس کی جانب سے بھرپور معاونت کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر انجمن تاجران کے عہدیداران وممبران نوشاد خان، وقاص خان، حماد خان، حاجی نوشاد خان، شان گل۔ اور امجد سکندر، فضل ربی، ملک فرمان، اقبال حسین۔ ڈاکٹر خان۔ لیاقت خان، ندیم احسان، میاں آفتاب، منیر محمد خبیر لیب اور جہانگیرہ چوکی انچارج سخی جان اور ٹریفک انچارج جہانگیرہ حاجی گلاب شیر بھی موجود تھے ملاقات میں پولیس اور تاجر برادری کے درمیان باہمی رابطے، تعاون اور جہانگیرہ میں بہتر امن وامان کے لیے مشترکہ کاوشوں کی اہمیت پر بھی گفتگو ہوئی۔

بقیہ نمبر 24

کرا دیا۔ فاؤنڈر گروپ کے امیدوار سید الطاف حسین شاہ بھی بھاری اکثریت سے ایگزیکٹو باڈی کے رکن منتخب ہو گئے۔ سید الطاف حسین شاہ کی کامیابی کی خبر سامنے آتے ہی تاجر برادری میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ تاجروں نے ان کی کامیابی پر بھرپور خوشی کا اظہار کیا اور انہیں ریلی کی شکل میں ستارہ مارکیٹ میں واقع ان کے ہوٹل تک پہنچایا۔ ستارہ مارکیٹ پہنچنے پر سید الطاف حسین شاہ کا تاجروں کی جانب سے شاندار اور پرتپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر تاجروں نے انہیں ہار پہنائے، پھول پیش کیے اور اپنی خوشی کا اظہار کیا۔ کامیابی کے جشن میں تاجر برادری کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور نومنتخب ایگزیکٹو ممبر کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سید الطاف حسین شاہ نے اپنی کامیابی کو تاجر برادری کے اعتماد، محبت اور محنت کا نتیجہ قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ تاجر برادری ہی ان کا اصل سرمایہ ہے اور وہ تاجروں کے اعتماد کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ سید الطاف حسین شاہ نے کہا کہ تاجر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بھرپور کوشش کی جائے گی اور ان کی آواز متعلقہ فورمز تک پہنچائی جائے گی۔ انہوں نے واضح کیا کہ تاجر برادری کے مسائل سننے اور ان کے حل کے لیے ان کے دروازے 24 گھنٹے کھلے ہیں۔ نومنتخب ایگزیکٹو ممبر کا کہنا تھا کہ تاجر برادری نے جس اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس پر پورا اترنے کے لیے وہ اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور خلوص کے ساتھ ادا کریں گے۔

بقیہ نمبر 25

کا متفقہ اور غیر متزلزل اعلامیہ جاری کیا۔ مظاہرے کے میزبان حافظ عبدالحمید عامر نے اپنے صدارتی خطاب میں عالم کفر اور اندرونی دشمنوں کو للکارتے ہوئے کہا کہ مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سرزمین عالم اسلام کے لیے وہ آخری ریڈ لائن ہے جس پر کسی قسم کا سمجھوتہ ممکن نہیں، کیونکہ اس مقدس دھرتی کا دفاع ہمارے ایمان کا جزو لاینفک ہے اور حرمین شریفین پر دشمنوں کے ناپاک عزائم کو ماضی کی طرح ہمیشہ خاک میں ملا دیا جائے گا، نیز انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ہمیں اپنی نوجوان نسل کے قلوب و اذہان میں یہ شعور اجاگر کرنا ہوگا کہ اسلام کو جس طرح بیرونی فتنوں اور سازشوں کا سامنا ہے، بالکل اسی طرح آستین کے سانپوں اور اندرونی دشمنوں سے بھی شدید خطرہ لاحق ہے جن کی فتنہ انگیزیوں سے آگاہی حاصل کرنا ہمارے لیے از بس ضروری ہو چکا ہے۔ مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے جامعہ حنفیہ تعلیم الاسلام کے مہتمم اور خطیب جہلم قاری ابوبکر صدیق نے کہا کہ تحفظ حرمین شریفین کے لیے پوری دنیا کی نظریں پاکستان اور اس کی غیور فوج پر لگی ہوئی ہیں اور ان شاء اللہ، فیلڈ مارشل جنرل سید حافظ عاصم منیر کی جرات مندانہ اور فولادی قیادت میں ہماری بہادر آرمی امت مسلمہ کو کبھی مایوس نہیں کرے گی، اس موقع پر جامعہ عائشہ صدیقہ للبنات کے مہتمم قاری محمد اظہر اقبال نقشبندی نے اپنے خطاب میں کہا کہ حرمین شریفین کی حرمت و پاسبانی کے لیے ہم تن من دھن کی بازی لگا دیں گے اور مکار دشمن کے ناپاک خوابوں کو کبھی شرمندہ تعبیر نہیں ہونے دیں گے۔ جامعہ اثریہ للبنات جہلم کے مہتمم حافظ احمد حقیق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنی غیور اور مایہ ناز عسکری قیادت پر فخر ہے جو دنیا کی مضبوط ترین عسکری و دفاعی قوت ہے اور جب بھی ارض مقدس کے عملی دفاع کے لیے ہماری شیر دلیر فوج میدان کارزار میں اترے گی تو پاکستان کا بچہ بچہ اپنی مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑا ہو کر باطل قوتوں کو عبرتناک شکست سے دوچار کرے گا اور دنیا دیکھے گی کہ ایمان کی طاقت کے سامنے کفر کا ہر گھمنڈ ریت کی دیوار ثابت ہوتا ہے۔ سنی علماء کونسل جہلم کے مرکزی رہنما صاحبزادہ حامد رضا نے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ اسلام کو مٹانے کا خواب دیکھنے والے ماضی کی طرح خود مٹی میں مل جائیں گے مگر دین حق کے خلاف ان کی ناپاک چالیں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتیں، جبکہ مرکزی انجمن تاجران کے صدر ملک محمد اقبال نے تاجر برادری کے جذبات کی ترجمانی کرتے ہوئے کہا کہ حرمین شریفین کی مٹی سے ہمارا رشتہ سیاسی یا کاروباری نہیں بلکہ خالصتاً ایمانی اور لازوال ہے جس کے لیے ہم ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ اہل حدیث یوتھ فورس پاکستان کے جنرل سیکرٹری حافظ عبدالغفور مدنی نے کہا کہ مکہ معاہدے کے بعد اب پاکستان کے لیے زیادہ دیر اس اہم علاقائی تنازع سے خود کو الگ تھلگ رکھنا ممکن نہیں رہے گا اور ان شاء اللہ چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر کے فولادی عزم اور جرات مندانہ عسکری سرپرستی میں ہماری غیور اور مایہ ناز پاکستانی افواج عالم اسلام کو کبھی مایوس نہیں کریں گی، جامعہ علوم اثریہ کے مدیر امور داخلی مولانا سعد محمد مدنی نے کہا کہ اگر آج پھر مسلمانوں کی ایمانی غیرت اور جذباتی وابستگی کو للکارنے کی کوشش کی گئی تو اس کا جوابی ردعمل دشمن کے وہم و گمان سے بھی کہیں زیادہ ہولناک، عبرت انگیز اور تباہ کن ہوگا۔ احتجاجی مظاہرے کے اختتام پر حافظ عبدالحمید عامر نے تمام مقررین اور شرکاء کا شکریہ ادا کیا اور آئندہ کے جاندار لائحہ عمل دیتے ہوئے اعلان کیا کہ جلد ہی اس حوالے سے جہلم شہر میں ایک فقید المثال پروگرام منعقد کیا جائے گا، جس پر تمام شرکاء نے فضا میں ہاتھ بلند کر کے عزم کا اظہار کیا کہ وہ حرمین کے تحفظ کے لیے ہر پلیٹ فارم پر اپنے ایمانی جذبات کا عملی اظہار کرتے رہیں گے

بقیہ نمبر 26

، جبکہ قومی ٹیم کی دیگر 14 کھلاڑیوں پر مشتمل سکواڈ جاپان روانہ ہو گیا تھا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے وقت کی کمی اور ناک آؤٹ مرحلے کے 22 ستمبر تک مکمل ہونے کے باعث منیبہ علی کا متبادل کھلاڑی شامل نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ منیبہ علی کی عدم موجودگی میں گل فیروزہ وکٹ کیپنگ کی ذمہ داریاں نبھائیں گی، جنہوں نے تھائی لینڈ کے خلاف ابتدائی میچ میں بھی وکٹ کیپنگ کے ساتھ اننگز کا آغاز کیا تھا۔ گل فیروزہ حالیہ ایشیا کپ میں پاکستان کی نمبر 3 بیٹر تھیں، جبکہ اس سے قبل ٹی 20 ورلڈ کپ میں وہ منیبہ علی کے ساتھ اوپننگ بھی کر چکی ہیں۔ پاکستان ٹیم نے رواں ایونٹ کے پہلے روز بارش سے متاثرہ کوارٹر فائنل میں تھائی لینڈ کے خلاف 92 رنز کا ہدف 11 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 2 گیندیں قبل حاصل کیا۔

بقیہ نمبر 27

میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن راولپنڈی حاجی راحت جاوید، صدر جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن راولپنڈی کینٹ چکلالہ محمد اورنگزیب قریشی، سینئر تاجر رہنما محبوب احسن ملک، نائب صدر جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن محمد آصف شہزاد راجپوت، ایگزیکٹو ممبر محمد طارق قریشی، صدر جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن راولپنڈی کینٹ شیخ محمد عمران سمیت دیگر عہدیداران اور ممبران بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خورشید احمد قریشی نے کہا کہ اسلام آباد کے شہریوں کو معیاری اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق گوشت کی فراہمی کے لیے وفاقی دارالحکومت میں سٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس کا قیام ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کے ماسٹر پلان کے مطابق I-11/4 میں سلاٹر ہاؤس قائم کیا جانا چاہیے تا کہ گوشت کے کاروبار سے وابستہ تاجروں کو مناسب سہولیات میسر آ سکیں اور شہریوں کو معیاری گوشت کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں سلاٹر ہاؤس کا قیام کوئی نئی تجویز نہیں بلکہ یہ معاملہ طویل عرصے سے زیر غور ہے۔ وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان کی جانب سے بھی یہ بات سامنے آ چکی ہے کہ اسلام آباد میں ایک سے زائد سلاٹر ہاؤس ہونے چاہئیں، اس کے باوجود سی ڈی اے کی جانب سے اس اہم منصوبے کو تاخیر کا شکار کیوں کیا جا رہا ہے، یہ ایک سوالیہ نشان ہے۔ خورشید احمد قریشی نے کہا کہ چیئرمین سی ڈی اے واضح کریں کہ جب اسلام آباد کے ماسٹر پلان کے مطابق I-11/4 میں سلاٹر ہاؤس کی گنجائش موجود ہے اور وزیراعظم بھی اسلام آباد میں ایک سے زائد سلاٹر ہاؤس کی ضرورت پر زور دے چکے ہیں تو اس منصوبے پر عملی پیش رفت میں تاخیر کیوں کی جا رہی ہے؟ گوشت کے کاروبار سے وابستہ ہزاروں افراد اور اسلام آباد کے شہری اس معاملے پر واضح پیش رفت کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد کی بڑھتی ہوئی آبادی اور گوشت کی ضروریات کے پیش نظر سٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں غیر ضروری تاخیر کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں تا کہ شہر میں گوشت کی فراہمی کا نظام مزید منظم ہو اور تاجروں وشہریوں کو درپیش مسائل کا مستقل حل نکالا جا سکے۔ انہوں نے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان، وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان اور وفاقی وزیر داخلہ سے مطالبہ کیا کہ اسلام آباد میں سلاٹر ہاؤس کے قیام کے معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، سی ڈی اے کی جانب سے ہونے والی تاخیر ختم کرائی جائے اور ماسٹر پلان کے مطابق I-11/4 میں سٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس کے قیام کے لیے عملی اقدامات تیز کیے جائیں۔ خورشید احمد قریشی نے مزید کہا کہ جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن گوشت کے کاروبار سے وابستہ تاجروں کی نمائندہ رجسٹرڈ تنظیم کی حیثیت سے اسلام آباد میں سلاٹر ہاؤس کے قیام کے مطالبے کو بھرپور انداز میں اجاگر کرتی رہے گی

بقیہ نمبر 28

کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔ آئل ایڈوائزری کونسل اور آئل انڈسٹری نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ جغرافیائی حالات کے باعث ایسٹ ویسٹ پائپ لائن سمیت علاقائی سپلائی روٹس متاثر ہو سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 29

سے ٹکرائی جس کے بعد زوردار دھماکا ہوا۔ دھماکے کے بعد فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا، جبکہ دھماکے کے بعد ایک خودکش حملہ آور نے سپیشل برانچ کے قریب خود کو دھماکے سے اڑایا۔ ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز سینٹرل پولیس آفس عبدالسلام خالد نے بی بی سی کو بتایا کہ دہشت گردوں کا ہدف پولیس لائنز اور وہاں واقع مسجد تھی، اور جب واقعہ پیش آیا تو نماز جمعہ جاری تھی۔ سینٹرل پولیس آفس پشاور کے مطابق حملے میں 5 پولیس اہلکار اور 11 شہری شہید ہوئے ترجمان خیبر پختونخوا پولیس کے مطابق پولیس لائنز کی مسجد میں دھماکے کے بعد 7 مسلح دہشت گردوں نے پولیس لائنز میں داخل ہونے کی کوشش کی، جس کے بعد پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) نے حملہ آوروں کا بھرپور مقابلہ کیا

بقیہ نمبر 30

کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت حکومت آٹو پارٹس کی برآمدات بڑھانے اور مقامی صنعت کو عالمی منڈیوں تک رسائی دلانے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ سمیڈا، پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹوموٹو پارٹس اینڈ ایکسریز مینوفیکچررز (PAAPAM) کے اشتراک سے 21ویں پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 میں بطور اسٹریٹجک پارٹنر شرکت کر رہا ہے۔ تین روزہ نمائش لاہور ایکسپو سینٹر میں جاری ہے، جس میں ملکی و غیر ملکی صنعت کار، کاروباری شخصیات اور مندوبین شریک ہیں۔ ہارون اختر خان نے کہا کہ پاکستان کی آٹوموٹیو صنعت میں ترقی اور برآمدات کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ پاکستان آٹو شو مقامی مینوفیکچرنگ، جدت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے۔

بقیہ نمبر 31

ہے۔ محمد شہباز شریف نے کہا کہ ترسیلات زر اور سروسز کی برآمدات میں نمایاں بہتری، کرنٹ اکاؤنٹ کی بہتر صورتحال اور مالیاتی نظم وضبط نے زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافے میں اہم کردار ادا کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ بین الاقوامی کیپٹل مارکیٹس تک پاکستان کی دوبارہ کامیاب رسائی بھی ملکی معیشت پر عالمی اعتماد کی بحالی کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ نہ صرف ملکی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت کو مضبوط بنائے گا بلکہ عالمی معاشی مشکلات کا مقابلہ کرنے کی پاکستان کی استعداد بھی کئی گنا بڑھائے گا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مستحکم معاشی پوزیشن ملک میں بیرونی اعتماد، سرمایہ کاری اور پائیدار معاشی ترقی کے نئے دروازے کھولے گی۔ وزیراعظم نے اس اہم کامیابی پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، گورنر اسٹیٹ بینک، حکومت کی معاشی ٹیم اور بالخصوص بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ نمبر 32

کے خلاف فوری طور پر توہین عدالت کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ وزیر مملکت داخلہ سینیٹر طلال چوہدری اور ایڈووکیٹ جنرل کے ہمراہ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ سیکورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہر ممکن طریقے سے احتجاج کو روکنے کی مکمل تیاری اور واضح ہدایات دے دی گئی ہیں۔ انہوں نے دوٹوک انداز میں کہا کہ اگر مظاہرین نے فائرنگ کی یا قانون ہاتھ میں لیا تو فورسز کے جوان خاموش تماشائی نہیں بنیں گے بلکہ مؤثر جواب دیں گے۔

بقیہ نمبر 33

خلاف ورزی تصور ہوگی، اسلام آباد کے شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی آئین کی خلاف ورزی تصور ہوگی، ذمہ دار شخص کو قانون کے مطابق کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت کو شاہراہیں اور راستے بند کرنے کا کوئی قانونی حق نہیں، صوبائی حکومتیں اسلام آباد مارچ کیلیے سرکاری وسائل اور فنڈز کا استعمال نہ کریں، سرکاری گاڑیوں اور مشینری کو لانگ مارچ کی سہولت کیلیے استعمال کرنے پر مکمل پابندی ہے۔ عدالتی حکم نامے میں کہا گیا کہ غیر قانونی احکامات کی صورت میں سرکاری ملازمین کے لیے فوری ہیلپ لائن قائم کی جائے، عدالتی احکامات کی خلاف ورزی اور شہریوں کے حقوق متاثر کرنے والوں کے خلاف کارروائی ہوگی۔ عدالت نے کہا کہ عوامی عہدہ رکھنے والا اگر آئین وقانون کی خلاف ورزی کرے تو وہ اپنے حلف سے انحراف کا مرتکب ہوگا، سرکاری عہدیداروں کی وجہ سے بنیادی حقوق متاثر ہوئے تو اسے حلف کی خلاف ورزی تصور کیا جائے گا، آئین اور قانون کی خلاف ورزی پر ذمہ دار سرکاری افراد کو نتائج کا سامنا کرنا ہوگا۔

بقیہ نمبر 34

عمل جاری رکھنے کا حکم دیتے ہوئے حتمی احکامات جاری کرنے سے روک دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے پاکستان انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے انجینئر خادم حسین کی درخواست پر سماعت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ درخواست گزار کی جانب سے بیرسٹر عمر اعجاز گیلانی عدالت میں پیش ہوئے۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق رجسٹرار کی تعیناتی کے لیے جاری اشتہار 23 اگست 2026 کو جاری کیا گیا۔ تحریری حکم نامے کے مطابق وکیل درخواست گزار نے موقف اختیار کیا کہ پی ای سی کے ملازمین کے تقرری، ترقی اور تبادلے کے قواعد 2020 رجسٹرار کی تعیناتی کے لیے اہلیت مقرر کرتے ہیں۔ وکیل درخواست گزار کے مطابق قواعد کے تحت سینئر ایڈیشنل رجسٹرار کی دستیابی کی صورت میں اہل سینئر افسران میں سے کم از کم 3 نام سلیکشن بورڈ کو تجویز کرنے ہوتے ہیں، درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ پی ای سی ایکٹ اور قواعد کے تحت رجسٹرار کی براہ راست تعیناتی کی گنجائش نہیں، جبکہ رجسٹرار کی تعیناتی کا اشتہار ایکٹ اور قواعد کی خلاف ورزی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے [illegible] تعیناتی کا عمل جاری رکھنے کے [illegible] احکامات جاری کرنے سے روکتے ہوئے [illegible] انجینئرنگ کونسل سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ عدالت نے کیس کی سماعت 29 ستمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ نمبر 35

اور مستقبل کی معاشی حکمت عملی پر تفصیلی گفتگو [illegible] وفاقی وزیر خزانہ نے میکرو اکنامک استحکام کے حصول میں پاکستان کی پیش رفت اور مالیاتی [illegible] سرمایہ تشکیل، برآمدات اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی کی جانب حکومت کی ترجیحات [illegible] جب کہ کانفرنس میں پاکستان کے حوالے سے معروف عالمی ادارہ جاتی سرمایہ کاروں اور بڑے منی مینیجرز کی جانب سے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ مجموعی طور پر 55 عالمی سرمایہ کاروں نے پاکستانی وفد کے ساتھ متعدد ون آن ون ملاقاتوں اور ایک مکمل سرمایہ کار سیشن میں شرکت کی

بقیہ نمبر 36

موجود نہیں، معاہدے کو یک طرفہ طور پر معطل یا نظر انداز کرنا سنگین قانونی سوالات [illegible] عدالت اور غیر جانبدار ماہر کا طریقہ کار تنازعات کے حل کے دو الگ راستے ہیں [illegible] معاہدے کے تحت دستیاب قانونی [illegible] لے رہا ہے۔ رہنما پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ ہم تنازع کا پُرامن حل چاہتے ہیں، پانی کسی نئے تنازع کا سبب نہیں بننا چاہیے

بقیہ نمبر 37

استعمال کرتے ہوئے بحیرہ احمر اور باب المندب میں کشیدگی کم کرنے میں مدد کریں۔ چین نے سرکاری طور پر تحمل، مذاکرات اور محفوظ بحری آمدورفت کی بحالی پر زور دیا۔ [illegible] کے مطابق بیجنگ نہیں چاہتا کہ خطے کی کشیدگی [illegible] تک پھیلے، چین نے تمام ممالک کو [illegible] مذاکرات کے ذریعے مسائل حل کرنے پر زور دیا

بقیہ نمبر 38

فیصلے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ [illegible] ملک اقوام متحدہ سے طے شدہ معاہدے اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کے تحت ایرانی وفد کو نیویارک آنے کی اجازت دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 39

اور جمہوری عمل کے استحکام کے لیے باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ [illegible] کہا کہ پارلیمان اور حکومت کے درمیان مؤثر رابطہ قانون سازی کے عمل کو بہتر بنانے اور [illegible] کے معاملات پر بروقت پیش رفت کے لیے [illegible] ہے۔ انہوں نے پارلیمانی امور کی [illegible] تعاون اور معاونت کو مزید مؤثر بنانے کی اہمیت اجاگر کی۔

بقیہ نمبر 40

پروگرام کے ذریعے دینے کی تجویز ہے [illegible] لاگت وصولی اور کراس سبسڈی کے خاتمے سے [illegible] ٹیرف بڑھنے کا خدشہ ہے۔ [illegible] حکومت نے بجلی کی مسابقتی مارکیٹ [illegible] کرلیا ہے تاہم نیلامی کا عمل تاخیر [illegible] ہوسکتا، اسلام آباد، فیصل آباد اور ملتان الیکٹرک کمپنیوں کی نجکاری کیلئے اظہار دلچسپی [illegible] کردیے گئے ہیں [illegible] خریداری میں مقامی اور غیر ملکی [illegible] دلچسپی ظاہر کی ہے، بجلی کے شعبے [illegible] 1614 ارب روپے تک محدود [illegible] گیا ہے۔ گیس کے شعبے کا [illegible] 3600 ارب روپے کا گردشی قرض [illegible] قرار دیا گیا ہے، ایل این جی کی [illegible] اور گیس سلیب سسٹم میں نظر ثانی [illegible] ہیں، گیس کی قیمتوں کا ششماہی [illegible] بھی آئی ایم ایف کی شرائط [illegible] ہے، مذاکرات میں بجلی اور گیس [illegible] ترسیلی نظام کی اصلاحات اور [illegible] سے متعلق بھی آئی ایم ایف کو بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 41

ٹھکانوں کو نشانہ بنایا اور 17 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ کارروائیوں کے دوران [illegible] دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ بھی ہوا، جس کے نتیجے میں [illegible] شہید ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز [illegible] میں لے کر کلیئرنس آپریشن [illegible] گردوں کے ممکنہ سہولت کاروں [illegible] کی تلاش بھی جاری ہے۔ سیکیورٹی [illegible] کہ ملک سے دہشت گردی کے [illegible] امان کے قیام کے لیے کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ نمبر 42

پر ذاتی توجہ دینے کا مطالبہ کیا گیا ہے [illegible] ہے کہ مقامی حکومتوں کی مالی ضروریات [illegible] انتظامات کیے جائیں۔ خط میں [illegible] خودمختاری نہ ہونے کے باعث [illegible] سہولیات سے محروم ہیں، صوبوں [illegible] میں اپنائے گئے مالی مساوات [illegible] حکومتوں تک بڑھائے جائیں [illegible] میں کہنا ہے کہ میٹروپولیٹن [illegible] سروس بربادی کو بھی این ایف [illegible] جائے۔ نسرین جلیل نے مزید کہا [illegible] کی منتقلی وزیراعلیٰ کے دروازے [illegible] چاہیے۔

بقیہ نمبر 43

کے بدلے 186 ارب روپے کی [illegible] نجی آئی پی پیز کو 8.49 ارب [illegible] 1040 ارب روپے منتقل کیے گئے۔

بقیہ نمبر 44

آلہ قتل کی برآمدگی کے دوران پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں ہلاک ہوگیا [illegible] پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ ایس [illegible] طارق الٰہی مستوئی نے بتایا کہ [illegible] اور تین بچوں کو قتل کرنے والا ملزم [illegible] ہلاک ہوگیا ہے اور فائرنگ کے [illegible] پولیس افسر گولی لگنے سے زخمی ہوگیا۔

بقیہ نمبر 45

اس قانون سے روسی توانائی کے [illegible] اور چین براہ راست متاثر ہوں گے [illegible] ایوان نمائندگان نے بدھ کو [illegible] ایران ایکٹ 2026" کو 159 کے مقابلے میں 262 ووٹوں سے منظور کر لیا۔

بقیہ نمبر 46

580 گرام چرس دیتے ہوئے اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بناتے ہوئے میاں بیوی کو گرفتار کر لیا۔

بقیہ نمبر 47

پر اپنے جواب میں کہا کہ ہم یا تو کوئی اچھا معاہدہ کریں گے، یا پھر کوئی معاہدہ نہیں [illegible] نہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ دعویٰ کیا [illegible] ہرمز سے جہازرانی کو نکالتا ہے [illegible] نہیں چلتا، ایران کے ریڈار [illegible] ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران [illegible] قصد ہے، معیشت ایسے درجے [illegible] بھی دیکھی نہیں تھی۔ کسی ڈیل [illegible] مگر اس جنگ میں جیت امریکا کی [illegible] نے کہا کہ ایران معاہدہ چاہتا ہے [illegible] میں وہ ابھی تیار نہیں ہیں، امریکا [illegible] جوہری میزائل بنانے کی صلاحیت [illegible] اگر امریکا نے ایران پر حملہ نہ کیا [illegible] بم بنانے میں کامیاب ہو جاتا [illegible] سے جوہری ہتھیار استعمال کر لیتا [illegible] ایران اس وقت بہت کمزور [illegible] آبنائے ہرمز پر امریکا کا کنٹرول [illegible] گزشتہ روز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ [illegible] امید ہے ایران میں جاری جنگ اپنے اختتام کی جانب بڑھ رہی ہے۔

بقیہ نمبر 48

جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ 2024ء میں پولیو کیسز 74 سے کم ہو کر 2026 میں 4 رہ گئے، ماحولیاتی نگرانی کے نمونوں میں وائرس کی شرح بھی 10 فیصد سے کم ہو گئی۔ یہ پیش رفت وزیراعظم کی کمیٹی برائے نیشنل ٹاسک فورس فار پولیو ایریڈیکیشن کے اجلاس میں سامنے آئی جس کی صدارت وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کی

بقیہ نمبر 49

کیا گیا جو ایشیا میں اپنی نوعیت کی پہلی [illegible] ہے لیکن یہ ایوارڈ وصول کرنے کیلئے بابر سلیم سواتی ساؤتھ افریقہ نہ جاسکے کیونکہ بنیادی وجہ بابر سلیم سواتی کا پاسپورٹ بلاک ہے اور وہ ملک سے باہر نہیں جاسکتے

بقیہ نمبر 50

سے متعلق طاہر اشرفی کے بعض بیانات دوبارہ سامنے آنے کے بعد اس اعزاز پر سوالات اٹھائے گئے۔ بی بی سی کے مطابق رپورٹس میں 2007 کے ایسے بیانات کا حوالہ دیا گیا جن میں طاہر اشرفی نے القاعدہ کے بانی اسامہ بن لادن کو امریکا، برطانیہ اور روس کے خلاف [illegible] قرار دیا تھا ان سے منسوب ایک اور بیان کے مطابق انہوں نے بن لادن کو "سیف اللہ" یعنی اللہ کی تلوار کا لقب دینے کی خواہش بھی ظاہر کی۔ طاہر اشرفی نے بی بی سی سے گفتگو میں موقف اختیار کیا کہ ان کے پرانے بیانات کو سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کیا جا رہا ہے اور ان کے خلاف ردعمل ایک غیر منصفانہ مہم کا حصہ ہے۔ [illegible] جاری بیان میں [illegible] کہ طاہر اشرفی [illegible] کی مذہبی ہم آہنگی [illegible] اور اب بھی اس کی تصدیق کی جاتی ہے۔

بقیہ نمبر 51

کے چیئرمین حافظ طاہر محمود اشرفی کے اعزاز میں دیا گیا ایک ایوارڈ واپس لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ [illegible] کہا کہ ان کے بیانات کو سیاق وسباق [illegible] حافظ طاہر محمود اشرفی [illegible] مذہبی ہم آہنگی [illegible] فلسطین اور امت مسلمہ [illegible] تعاون کے لیے [illegible] کیا گیا [illegible] خدمات کے اعتراف میں اعزاز دیا جا رہا ہے۔ [illegible] پاکستان علماء کونسل [illegible] ایوارڈ واپس لینے [illegible] 11 ستمبر [illegible] کی تیسری برسی [illegible] پر وضاحت طلب کی تھی [illegible] رشدی کے خلاف بیان [illegible] ان کی اہلیہ کے خلاف بیان پر اعتراض شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 52

وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ تعمیرات نے ایف جی ای ایچ اے کی جانب سے کامیاب نیلامی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے [illegible] ایف جی ای ایچ اے کے منصوبوں پر عوامی اعتماد کا مظہر ہے [illegible] وزارت ہاؤسنگ [illegible] اسلام آباد [illegible] سرمایہ کاری [illegible] ہاؤسنگ [illegible] منصوبوں [illegible] وزیراعظم [illegible] شفافیت [illegible] ایف جی ای ایچ اے [illegible] ہاؤسنگ اسکیموں [illegible] تعمیرات [illegible] منصوبے [illegible] عوام کو بہتر رہائشی سہولیات کی فراہمی [illegible] ہاؤسنگ اینڈ تعمیرات [illegible] تمام ممکنہ اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر 53

جاری بحران اور اس کے پاکستان پر اثرات سے آگاہ کیا [illegible] اجلاس میں [illegible] بلوچستان [illegible] 28 ستمبر [illegible] 27 ستمبر [illegible] آفریدی [illegible] اجلاس میں [illegible] تحریک انصاف [illegible] اپوزیشن [illegible] اسمبلی [illegible] صوبوں [illegible] سیاسی جماعتوں [illegible] وفاق [illegible] حکومت [illegible] ان کو کسی بھی حق سے محروم نہیں کیا جاسکتا ہے۔

اسلام آباد، چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی مختلف مارکیٹس کا دورہ کررہے ہیں

چیئرمین سی ڈی اے کے مختلف مقامات کے دورے

اپ لفٹنگ، تزئین و آرائش اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ

اسلام آباد(پ ر) چیئرمین کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے اسلام آباد کی مختلف مارکیٹوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اپ لفٹنگ، تزئین و آرائش، لینڈ اسکیپنگ اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے کاموں کا جائزہ لینے کے لیے سپر مارکیٹ، کوہسار مارکیٹ، ناظم الدین روڈ، ڈپلومیٹک انکلیو اور اسلام آباد ایکسپریس وے کا تفصیلی دورہ کیا۔ممبر انوائرمنٹ، ڈی جی ورکس، ڈی جی ای اینڈ ایم، پروجیکٹ ڈائریکٹرز اور سی ڈی اے کے دیگر سینئر افسران بھی چیئرمین کے ہمراہ تھے۔ چیئرمین نے مختلف مقامات کا معائنہ کیا اور جاری کاموں کی پیش رفت، معیار، تکمیل کی مدت اور وفاقی دارالحکومت کے ان اہم مقامات کی خوبصورتی، فعالیت اور عوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر2)

الیکٹرک شٹل بس حملہ کیس، 4 ملزمان گرفتار

مانسہرہ(نیوز رپورٹر) الیکٹرک شٹل بس حملہ کیس، مانسہرہ میں الیکٹرک شٹل بس پر حملہ توڑ پھوڑ اور ڈرائیور کو مارنے پیٹنے کے مقدمہ میں بی بی اے خارج ہونے پر پولیس نے 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں منیب، فیصل، قاسم اور زین شامل ہیں، تفصیلات کے مطابق مورخہ 16 اگست 2026 کو عاصم ولد صداقت کی مدعیت میں تھانہ لاری اڈہ مانسہرہ(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر1)

حیدرآباد، مون سون سیزن کے بعد دریائے سندھ میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ، لوگوں کی بڑی تعداد کنارے پر سیر و تفریح کررہے ہیں

سندھ: 40 لاکھ سے زائد بچیوں کے اسکولوں سے باہر ہونے کا انکشاف

وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کو سندھ کی پہلی جینڈر پیریٹی رپورٹ پیش، صنفی عدم مساوات کی نشاندہی کی گئی

کراچی(بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ کو صوبے کی پہلی جینڈر پیریٹی رپورٹ پیش کردی گئی جس میں انکشاف کیا گیا ہے کہ سندھ میں 40 لاکھ 80 ہزار سے زائد بچیاں اسکولوں سے باہر ہیں، صوبے میں مردوں کی شرح خواندگی 68 فیصد جبکہ خواتین کی 47 فیصد ہے۔وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ کو معاون خاص راجویر سنگھ سوڈھو نے سندھ کی پہلی جینڈر پیریٹی رپورٹ پیش کردی جس میں صنفی عدم مساوات کی نشاندہی کی گئی ہے۔رپورٹ پر سید مراد علی شاہ نے صنفی مساوات کے لیے ہدفی اصلاحات کا فیصلہ کیا ہے اور کہا ہے کہ صنفی مساوات پاکستان پیپلز پارٹی کی سندھ حکومت کے ترقیاتی ایجنڈے کا اہم حصہ ہے۔وزیراعلیٰ سندھ نے تمام صوبائی محکموں کو صنفی فرق کم کرنے کا حکم دیا ہے، تعلیم، صحت، انصاف اور روزگار میں خواتین کی صورتحال بہتر بنانے کی ہدایت کی ہے، وزیراعلیٰ سندھ نے خواتین اور بچیوں کے لیے مساوی مواقع یقینی بنانے پر زور دیا اور کہا کہ صنفی(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر3)

اسلام آباد چیمبر انتخابات، عبدالقدوس سواتی کا ووٹرز سے اظہارِ تشکر

364 ووٹ حاصل کر کے سیکنڈ ہائیسٹ کامیابی اعزاز ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے انتخابات 28-2026 میں ڈیموکریٹس گروپ کی جانب سے امیدوار برائے ایگزیکٹو ممبر اور عبداللہ رئیل اسٹیٹ اینڈ بلڈرز کے سی ای او عبدالقدوس سواتی نے اپنے پہلے انتخاب میں 364 ووٹ حاصل کر کے سیکنڈ ہائیسٹ ووٹ لینے پر اپنے تمام سپورٹرز، دوستوں اور اسلام آباد کی بزنس کمیونٹی کا تہہ دل سے شکریہ(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر13)

سیکرٹری تعلیم ندیم محبوب کا ASD مرکز فضیلت کی عمارت کا دورہ

مرکز کو جلد از جلد فعال کرنے کے لیے اس کی تیاریوں کا جائزہ لیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے وفاقی سیکریٹری ندیم محبوب نے اسلام آباد میں آٹزم اسپیکٹرم ڈس آرڈر (ASD) کے مرکزِ فضیلت کی زیرِ تعمیر اور تزئین و مرمت کی جگہ کا دورہ کیا تاکہ منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر14)

خواتین سے دست درازی کرنے والا ملزم گرفتار

گوجرخان(بیورو رپورٹ) جاتلی پولیس کی کارروائی، خواتین سے دست درازی کرنے والا مرکزی ملزم گرفتار۔تفصیلات کے مطابق جاتلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خواتین سے دست درازی کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر4)

اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان کی ستھرا پنجاب، آر ڈبلیو ایم سی ٹیم سے میٹنگ

شہریوں کو صفائی کے حوالے سے درپیش مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت دی

گوجرخان(بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین نے صفائی ستھرائی کیلئے ستھرا پنجاب پروگرام ٹیم و آر ڈبلیو ایم سی سینٹری سپروائزرز سے اہم میٹنگ کی، میٹنگ میں شہریوں کو صفائی کے حوالے سے درپیش مسائل فوری حل کرنے کی ہدایت دی گئی اور تحصیل گوجرخان کے دیہی و شہری علاقوں کو صاف ستھرا بنانے کیلئے مزید اقدامات کرنے کی ہدایت جاری کی گئی، تفصیلات کے مطابق تحصیل گوجرخان کو صاف ستھرا اور خوبصورت بنانے کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر5)

ڈپٹی کمشنر مری کا بی ایچ یو کالی مٹی کا اچانک دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

مری (نمائندہ۔شہرنامہ) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے بی ایچ یو کالی مٹی کا اچانک دورہ کیا، جہاں انہوں نے سٹاف کی حاضری، ادویات کی دستیابی، طبی سہولیات اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے مرکز صحت میں موجود مریضوں سے طبی سہولیات کے حوالے(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر6)

سی پی ایل کوالیفائر 1 میں شاداب خان نے ہیٹ ٹرک کردی

لاہور(پی این پی) کیریبین پریمیئر لیگ(سی پی ایل) میں پاکستانی کھلاڑیوں کی متاثر کن کارکردگی کا سلسلہ جاری ہے۔سی پی ایل کوالیفائر 1 میں قومی آل راؤنڈر شاداب خان نے ہیٹ ٹرک کردی، شاداب خان نے لگاتار تین بالز پر شمرن ہیٹمائر، مہدی حسن(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر8)

مانسہرہ، یکجہتی حرمین شریفین کے سلسلے میں مظاہرہ

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی

مانسہرہ(نیوز رپورٹر) گزشتہ جمعۃ المبارک کے روز ضلع مانسہرہ پی کے 36 بالاکوٹ میں تحفظ حرمین شریفین اور یکجہتی حرمین شریفین کے سلسلے میں ایک عظیم الشان مظاہرہ منعقد کیا گیا جس میں اہل علاقہ، مذہبی و سماجی شخصیات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی مظاہرین نے حرمین شریفین سے اپنی والہانہ عقیدت و محبت کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر7)

مانسہرہ، مرکزی مسلم لیگ کے زیراہتمام مظاہرہ کیا جارہا ہے

معاشی استحکام، زرمبادلہ ذخائر بلند ترین سطح 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ گئے

ملکی زرمبادلہ ذخائر 11 ستمبر تک 3.70 ارب ڈالر اضافے سے 26.79 ارب ڈالر ہوگئے ہیں، اعلامیہ اسٹیٹ بینک

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) یورونوٹس کی رقم ملنے سے ملکی زرمبادلہ ذخائر میں اضافہ ہوگیا۔اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے اعلامیہ کے مطابق ملکی زرمبادلہ ذخائر 11 ستمبر تک 07.3 ارب ڈالر اضافے سے 79.26 ارب ڈالر ہوگئے ہیں۔اعلامیہ کے مطابق اسٹیٹ بینک کے ذخائر 06.3 ارب ڈالر بڑھ کر 38.21 ارب ڈالر ہوگئے ہیں۔اسی طرح شیڈول بینکوں کے ذخائر 46.1 کروڑ ڈالر بڑھ کر 4.5 ارب ڈالر ہوگئے۔

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی بی ایچ یو کالی مٹی کا دورہ کررہے ہیں

گوجرخان: قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار

ملزم نے لین دین کے تنازعہ پر فائرنگ کر کے سگے بھائی کو قتل اور ہمشیرہ کو زخمی کیا تھا

گوجرخان(بیورو رپورٹ) گوجرخان پولیس نے قتل کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے بھائی کو قتل جبکہ بہن کو شدید زخمی کردیا تھا، ایس پی صدر انعم شیر نے گوجرخان پولیس کو شاباش دی ہے، تفصیلات کے مطابق گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر9)

ایچ بی ایل پی ایس ایل کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلینس ایوارڈ کا طریقہ کار واضح

ایوارڈ جیتنے والی فرنچائز کو دولاکھ ڈالر انعام کارکردگی کا 80 فیصد جائزہ کمیٹی لے گی

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان کرکٹ بورڈ نے ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ کرکٹ ڈویلپمنٹ ایکسیلینس ایوارڈ دینے کا طریقہ کار واضح کردیا ہے ایوارڈ جیتنے والی ایک فرنچائز کو دو لاکھ امریکی ڈالر انعام دیا(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر10)

پیر حسین الدین شاہ سلطانپوری کیلئے تعزیتی ریفرنس کل ہوگا

علماء، مشائخ، طلبہ اور عوام اجتماع میں بھرپور شرکت کریں، سید ضمیر شاہ کاظمی

واہ کینٹ (خصوصی رپورٹ) محبوب العلماء والمشائخ، عالمِ باعمل حضرت علامہ محبوب عالم قادری چشتی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ کے 20ویں سالانہ عرسِ مبارک کے موقع پر مصلحِ امت ابوالخیر علامہ پیر سید حسین الدین شاہ سلطانپوری، پیر سید شاہ محمد کمال کاظمی، پیر سید غلام مرتضیٰ شاہ(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر11)

ٹھیکدار اڈیالہ روڈ کی سیوریج کا کام ادھورا چھوڑ کر غائب

نالوں میں سے کچرا اُٹھانے اور صفائی کرنا بھی گوارا نہ کیا

اڈیالہ (نامہ نگار) مین اڈیالہ روڈ کی سیوریج کا کام ادھورا چھوڑ کر ٹھیکدار غائب۔نالوں میں سے کچرا اُٹھانے اور صفائی کرنا بھی گوارا نہیں کیا۔نالوں کے اوپر لنٹر نہ ڈالنے کے باعث حادثات معمول بن گئے۔کئی افراد گر کر ٹانگیں بازوں تک تڑوا بیٹھے۔وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف، ایم این اے اور ایم پی اے و دیگر اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل۔تفصیلات کے(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر12)

شہرنامہ اسلام آباد SHEHAR NAMA Islamabad

شکایات سیل

- ★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- ★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
- ★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- ★ آپ کا حق تلف کیا گیا
- ★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
- ★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- ★ آپ آگر قبجہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- ★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- ★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- ★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

اسلام آباد چیمبر کی نئی قیادت تاجروں کے حقوق کا تحفظ کریگی، ایم سجاد پپو

انتخابات میں فاؤنڈر گروپ کی کلین سویپ کامیابی پر نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد

اسلام آباد(سٹی رپورٹر) ٹریڈر ویلفیئر ایسوسی ایشن سپر مارکیٹ اسلام آباد کے پریس سیکرٹری ایم سجاد پپو نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری(ICCI) کے انتخابات میں فاؤنڈر گروپ کی کلین سویپ کامیابی پر محمد زکریا، محمد عثمان، سید الطاف حسین شاہ، محمد وقاص خان سمیت تمام نومنتخب عہدیداران کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے تہنیتی بیان میں ایم سجاد پپو نے کہا کہ اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر15)

مری، پریشر ہارن کیخلاف سٹی ٹریفک پولیس کی کارروائیاں جاری

قانون پر بلاامتیاز عملدرآمد یقینی بنایا جائے، سی ٹی او منیر احمد ہاشمی

مری (نمائندہ۔شہرنامہ) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کے احکامات پر مری میں گاڑیوں میں غیر قانونی پریشر ہارن کی تنصیب اور استعمال کے خلاف سٹی ٹریفک پولیس کی کارروائیاں جاری ہیں۔چیف ٹریفک آفیسر مری ایس پی منیر احمد ہاشمی کی ہدایات پر ٹریفک افسران اور وارڈنز نے شہر کے مختلف اہم مقامات، شاہراہوں اور داخلی و خارجی راستوں پر خصوصی چیکنگ کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔دورانِ چیکنگ گاڑیوں کے ہارن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر16)

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ ہماری ریڈ لائن ہیں: مولانا ابوبکر حمید صابری

حوثی حملوں کی شدید مذمت شہری آبادی کو نشانہ بنانا ناقابلِ برداشت ہے

سعودی عرب کی سلامتی کیلئے پاکستان اپنی ذمہ داری ادا کرتا رہے گا

اسلام آباد (نامہ نگار): آئی ایٹ تھری سنگم مارکیٹ اسلام آباد جامع مسجد معاذ بن جبل کے خطیب مولانا محمد ابوبکر حمید صابری نے نمازیوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا یمن کے حوثی گروہ کی جانب سے مملکت سعودی عرب کے مختلف شہری علاقوں اہم تنصیبات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر17)

اسلام آبا مولانا محمد ابوبکر حمید صابری جمعۃ المبارک کے اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

ڈی آئی جی علی وسیم کا سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز اور سی آئی اے کا دورہ

عوام کو بروقت و موثر پولیس خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری

اسلام آباد(نمائندہ۔شہرنامہ) ڈی آئی جی اسلام آباد نے پیشہ ورانہ امور اور کارکردگی کا جائزہ جائزہ لیا۔تمام افسران کو فرض شناسی، دلجمعی اور ایمانداری کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دینے اور عوام کو بروقت و موثر پولیس خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد علی وسیم نے کاؤنٹر ٹیرر ازم(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر18)

کوہاٹ دھماکہ انتہائی افسوسناک اور بزدلانہ اقدام، علامہ شبیر حسن

حقائق سامنے لائے جائیں اور، ملوث افراد کو نشان عبرت بنایا جائے، شیعہ رہنماء

اسلام آباد(سٹی رپورٹر) شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے کوہاٹ میں پولیس لائن کے قریب مسجد میں ہونے والے دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے شہید ہونے والے افراد کے اہلِ خانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر19)

راولپنڈی، سوئی گیس کی غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ، شہری پریشان

خواتین کو گھروں میں کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا

لوڈشیڈنگ کے اعلان کردہ شیڈول پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے، مطالبہ

اسلام آباد(پ ر) راولپنڈی کے مختلف علاقوں میں سوئی گیس کی بدترین غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ وانتہائی کم پریشر نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔محکمہ سوئی گیس کی جانب سے اعلان کردہ شیڈول پر بھی عمل درآمد نہیں ہو رہا۔تفصیلات کے مطابق سوئی گیس کی لوڈشیڈنگ کا سرکاری دورانیہ صبح 6 سے 9 بجے تک ہے لیکن اس دوران بھی گیس انتہائی کم وقت کے لیے فراہم کی جارہی ہے راولپنڈی کے علاقوں آئی جے پی روڈ، ڈبل روڈ، شمس آباد، ڈھوک کشمیریاں(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر20)

کومسیٹس یونیورسٹی، SSBC داخلہ بارے آگاہی سیمینار کا انعقاد

جدید کاروباری خیالات کو قابل عمل اور تجارتی بنیادوں پر کامیاب کاروبار میں تبدیل کرنے کے لیے ضروری رہنمائی دی گئی

سابق طلبہ نے بھی درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور کامیاب سٹارٹ اپ کے قیام کے حوالے سے مفید معلومات فراہم کیں

اسلام آباد(اے پی پی): کومسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس میں طلبہ کو کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور سٹوڈنٹ سٹارٹ اپ بزنس سینٹر (ایس ایس بی سی) میں داخلے کے طریقہ کار سے آگاہ کرنے کے لیے سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔کومسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد کیمپس کے آفس آف ریسرچ، انوویشن اینڈ کمرشلائزیشن (او آر آئی سی) اور ایس ایس بی سی کے زیر اہتمام "اپنی کاروباری صلاحیتوں کو اجاگر کریں: ایس ایس بی سی میں داخلہ کیسے لیا جائے" کے عنوان سے سیمینار الیکٹریکل انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ کے سیمینار ہال میں منعقد ہوا۔سیمینار کا مقصد طلبہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر21)

اسلام آباد چیمبر الیکشن، الطاف حسین شاہ ایگزیکٹو باڈی کے رکن منتخب

فاؤنڈر گروپ کا کلین سویپ، تمام امیدوار کامیاب، تاجروں کا شاندار استقبال،

تاجروں کے لیے ہرممکن سہولیات فراہم کرنے کیلئے عملی اقدامات کرینگے، خطاب

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات میں فاؤنڈر گروپ نے شاندار کامیابی حاصل کرتے ہوئے تمام امیدواروں کو کامیاب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر24)

پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ اور سلور کرکٹ ٹورنامنٹس کا آغاز 19 ستمبر سے ہوگا

ٹورنامنٹ میں 10 ٹیمیں شرکت کریں گی جنہیں دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پریذیڈنٹ ٹرافی گریڈ ٹو گولڈ اور سلور کرکٹ ٹورنامنٹس کا آغاز 19 ستمبر سے ہوگا دونوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر22)

ڈی ایس پی اکوڑہ خٹک گلشید خان کا انجمن تاجران جہانگیرہ دفتر کا تعارفی دورہ

جہانگیرہ(تحصیل رپورٹر) ڈی ایس پی سرکل اکوڑہ خٹک گلشید خان نے انجمن تاجران جہانگیرہ کے مرکزی دفتر کا تعارفی دورہ کیا، جہاں صدر انجمن تاجران جہانگیرہ حضرت عمر رضا شاہ سمیت عہدیداران اور ممبران نے ان کا خیرمقدم کیا ملاقات کے دوران تاجر برادری نے جہانگیرہ میں امن و امان، ٹریفک کی روانی اور دیگر درپیش مسائل سے ڈی ایس پی گلشید خان کو آگاہ کیا۔ڈی ایس پی نے تاجروں کی(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر23)

مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کی سرزمین عالم اسلام کیلئے ریڈ لائن، عبدالحمید عامر

حرمین شریفین کیلئے تن من دھن نچھاور کرنے کو تیار ہیں، مقررین احتجاجی مظاہرہ

جہلم (نامہ نگار) جامعہ علوم اثریہ کے مہتمم حافظ عبدالحمید عامر کے شارٹ نوٹس پر مکہ مکرمہ پر حوثی باغیوں کے بزدلانہ ڈرون حملے کے خلاف چوک اہل حدیث میں ایک عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر کی مقتدر مذہبی، سیاسی اور سماجی شخصیات سمیت بڑی تعداد میں عوام الناس نے شرکت کر کے حرمین شریفین کے تحفظ کے لیے جان و مال قربان کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر25)

جہلم، حافظ عبدالحمید عامر، قاری ابوبکر صدیق، حافظ اظہر اقبال و دیگر حوثیوں کے مکہ مکرمہ پر ڈرون حملے کیخلاف احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کررہے ہیں

ایندھن ذخیرہ کم، ملک میں پیٹرول، ڈیزل بحران کا خطرہ، گڈز ٹرانسپورٹ کرایہ میں بڑا اضافہ

آئل انڈسٹری کا جغرافیائی حالات اور سپلائی روٹس کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار، حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ

جغرافیائی حالات کے باعث ایسٹ ویسٹ پائپ لائن سمیت علاقائی سپلائی روٹس متاثر ہو سکتے ہیں

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) آئل انڈسٹری نے ملک میں پیٹرول اور ڈیزل کے شدید بحران کا خدشہ ظاہر کردیا اور حکومت سے فوری اقدام کا مطالبہ کیا ہے۔تفصیلات کے مطابق پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی سپلائی چین متاثر ہونے اور ملک بھر میں پیٹرول و ڈیزل کے شدید بحران کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔آئل انڈسٹری نے جغرافیائی حالات اور سپلائی روٹس(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر28)

بحریہ ٹاؤن: مدینہ مٹن بیف چکن اینڈ ویجیٹیبل شاپ کا افتتاح

دارالحکومت میں سٹیٹ آف دی آرٹ سلاٹر ہاؤس کا قیام ناگزیر، خورشید قریشی

راولپنڈی(نمائندہ شہرنامہ) آل پاکستان جمعیت القریش میٹ ویلفیئر ایسوسی ایشن کے صدر و ممبر لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ خورشید احمد قریشی نے بحریہ ٹاؤن میں مدینہ مٹن بیف چکن اینڈ ویجیٹیبل شاپ کا افتتاح کردیا۔افتتاحی تقریب میں صدر جمعیت القریش(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر27)

منیبہ علی ایشین گیمز سے باہر

گُل فیروزہ وکٹ کیپنگ کریں گی

لاہور: (پی این پی) پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کی وکٹ کیپر بیٹر منیبہ علی والدہ کی علالت کے باعث ایشین گیمز 2026ء میں مزید شرکت نہیں کرسکیں گی۔منیبہ علی ایشیا کپ کے اختتام کے بعد دبئی سے وطن واپس آگئی تھیں(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر26)

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے

SPS
شہزاد پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر

شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینافلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویدر پروف رزلٹس

ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ

وزٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر

ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083